ایک منٹ کا مدرسہ

اضافہ شدہ ایڈیشن

تھوڑی فرصت والوں کیلئے خاص تحفہ

از افادات

شیخ المشائخ محی السنۃ حضرت اقدس مولانا شاہ ابرار الحق صاحب رحمۃ اللہ علیہ

تالیف

شیخ العرب والعجم عارف باللہ مجدد زمانہ حضرت اقدس مولانا شاہ حکیم محمد اختر صاحب رحمۃ اللہ علیہ

خانقاہ امدادیہ اشرفیہ گلشن اقبال کراچی

نقشِ قدم نبی کے ہیں جنت کے راستے
اللہ سے ملاتے ہیں سنت کے راستے

ایک منٹ کا مدرسہ

تھوڑی فرصت والوں کے لیے خاص تحفہ

ازافادات

شیخ المشائخ محی السنہ حضرت اقدس مولانا شاہ ابرار الحق صاحب رحمۃ اللہ علیہ

مرتب

شیخ العرب والعجم عارف باللہ مجددِ زمانہ حضرت اقدس مولانا شاہ حکیم محمد اختر صاحب رحمۃ اللہ علیہ

حسبِ ہدایت وارشاد

حلیم الامت حضرت اقدس مولانا شاہ حکیم محمد مظہر صاحب دامت برکاتہم

بفیضِ صحبتِ ابرار یہ دردِ محبت ہے　　محبت تیرا صدقہ ہے ثمر ہیں تیرے نازوں کے
بہ اُمیدِ نصیحت دوستو اس کی اشاعت ہے　　جو ہیں نشر کی ہوں خزانے تیرے رازوں کے

انتساب

شیخ العرب والعجم عارف باللہ مجددِ زمانہ حضرت اقدس مولانا شاہ حکیم محمد اختر صاحب رحمۃ اللہ علیہ

کے ارشاد کے مطابق حضرت والا رحمۃ اللہ علیہ کی تمام تصانیف و تالیفات

محی السنۃ حضرت مولانا شاہ ابرار الحق صاحب رحمۃ اللہ علیہ

اور

حضرت اقدس مولانا شاہ عبد الغنی صاحب پھولپوری رحمۃ اللہ علیہ

اور

حضرت مولانا شاہ محمد احمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ

کی

صحبتوں کے فیوض و برکات کا مجموعہ ہیں

ضروری تفصیل

کتاب کا نام : ایک منٹ کا مدرسہ

ازافادات : محی السنہ حضرت اقدس مولانا شاہ ابرار الحق صاحب رحمۃ اللہ علیہ

مرتب : شیخ العرب والعجم عارف باللہ حضرت اقدس مولانا شاہ حکیم محمد اختر صاحب رحمۃ اللہ علیہ

اضافۂ ترتیب : مولانا عبد الرؤف صاحب معین نائب ناظم مدرسہ اشرف المدارس، ہردوئی، یوپی

تاریخ اشاعت : ۲۵ جمادی الاولیٰ ۱۴۳۷ھ مطابق ۰۲ مارچ ۲۰۱۶ء، بروز بدھ

زیرِ اہتمام : شعبۂ نشر و اشاعت، خانقاہ امدادیہ اشرفیہ، گلشن اقبال، بلاک ۲، کراچی

پوسٹ بکس:11182 رابطہ:+92.21.34972080، +92.316.7771051

ای میل:khanqah.ashrafia@gmail.com

ناشر : کتب خانہ مظہری، گلشن اقبال، بلاک نمبر ۲، کراچی، پاکستان

قارئین و محبین سے گزارش

خانقاہ امدادیہ اشرفیہ کراچی اپنی زیرِ نگرانی شیخ العرب والعجم عارف باللہ حضرتِ اقدس مولانا شاہ حکیم محمد اختر صاحب نور اللہ مرقدہٗ کی شایع کردہ تمام کتابوں کی ان کی طرف منسوب ہونے کی ضمانت دیتا ہے۔ خانقاہ امدادیہ اشرفیہ کی تحریری اجازت کے بغیر شایع ہونے والی کسی بھی تحریر کے مستند اور حضرت والا رحمۃ اللہ علیہ کی طرف منسوب ہونے کی ذمہ داری خانقاہ امدادیہ اشرفیہ کی نہیں۔

اس بات کی حتی الوسع کوشش کی جاتی ہے کہ شیخ العرب والعجم عارف باللہ مجددِ زمانہ حضرتِ اقدس مولانا شاہ حکیم محمد اختر صاحب نور اللہ مرقدہٗ کی کتابوں کی طباعت اور پروف ریڈنگ معیاری ہو۔ الحمد للہ! اس کام کی نگرانی کے لیے خانقاہ امدادیہ اشرفیہ کے شعبۂ نشر و اشاعت میں مختلف علماء اور ماہرین دینی جذبے اور لگن کے ساتھ اپنی خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ اس کے باوجود کوئی غلطی نظر آئے تو ازراہ کرم مطلع فرمائیں تاکہ آیندہ اشاعت میں درست ہو کر آپ کے لیے صدقۂ جاریہ ہو سکے۔

(مولانا) محمد اسماعیل

نبیرہ و خلیفہ مُجاز بیعت حضرت والا رحمۃ اللہ علیہ

ناظم شعبۂ نشر و اشاعت، خانقاہ امدادیہ اشرفیہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

ایک منٹ کا مدرسہ

(بعد نمازِ فجر یا بعد نمازِ عصر)

آج کل تمام عالم میں حضرت والا ہردوئی کا جہاں بھی سفر ہوتا ہے ایک منٹ کا مدرسہ حضر اور سفر میں جاری کرنے کا مشورہ دیتے ہیں اور عملاً اس کی مشق بھی کراتے ہیں، کیوں کہ اُمتِ مسلمہ میں غفلت کا مرض بڑھ رہا ہے، زیادہ دیر کا وعظ سننے سے گھبراتے ہیں اور اکثر اوقات دفتر کی ملازمت یا تجارت کی مصروفیت بھی ان کے لیے طویل وعظ سننے سے مانع بنتی ہے اس لیے یہ آسان طریقہ "ایک منٹ کا مدرسہ "بعد نمازِ فجر یا بعد نمازِ عصر یا دونوں وقت جاری کرنے کا مشورہ دیتے ہیں تاکہ ایک اُمتی بھی محروم نہ رہے اور دین کی ضروری ضروری باتوں سے آگاہی نصیب ہوجاوے۔ حضرتِ والا اس ایک منٹ میں حسب ذیل مضمون بیان کرنے کا مشورہ دیتے ہیں:

۱) نماز کی سورتوں اور دعاؤں اور تسبیحات کے ایک ایک لفظ کا ترجمہ بتایا جاوے جس کی ترتیب نماز کی ترتیب کے مطابق ہو یعنی پہلے اَللّٰہُ اَکۡبَرُ کے معنٰی، پھر ثَنَاءۡ، پھر اَعُوۡذُ بِاللّٰہ، پھر بِسۡمِ اللّٰہ، پھر سورۂ فاتحہ وغیرہ۔

برسوں نماز پڑھتے ہوئے ہوجاتے ہیں لوگوں کو اپنی نمازوں کی تسبیحات اور دعاؤں اور اذکار کا ترجمہ نہیں معلوم ہوتا، جس سے نماز میں دل نہیں لگتا، ورنہ جو کچھ نماز میں پڑھا جاتا ہے اگر اس کا ترجمہ معلوم ہو اور اس کی طرف دھیان رکھا جاوے تو نماز کا لطف بڑھ جاوے اور نماز میں یکسوئی اور حضوری بھی عطا ہو کیوں کہ قاعدۂ کلّیہ ہے کہ

اَلنَّفْسُ لَاتَتَوَجَّہُ اِلٰی شَیْئَیْنِ فِیْ اٰنٍ وَّاحِدٍ

فلسفہ کا قاعدہ ہے کہ نفس ایک وقت میں دو شئے کی طرف توجہ نہیں کرسکتا پس جب اپنے رب سے مناجات کے مفہوم کا خیال رکھے گا تو غیر اللہ کی طرف خیال نہیں جاسکے گا۔ چناں چہ نماز کو حسین بنانے کی تعلیم اس حدیث میں ہے کہ اِذَا قُمْتَ فِیْ صَلَاتِکَ فَصَلِّ صَلَاۃَ مُوَدِّعٍ[۱] جب نماز پڑھو تو اس نماز کو اپنی آخری نماز سمجھو شاید دوسری نماز تک زندگی نہ ہو۔ تو جو یہ سوچ کر نماز پڑھے گا وہ اس نماز کو کس قدر حسین اور اچھی پڑھے گا! یہ مشکوٰۃ شریف کی ایک حدیث کا جز ہے۔ ملّا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ اسی حدیث کے اس جز کی شرح اس طرح فرماتے ہیں کہ مُوَدِّعٍ اَیْ لِمَا سِوَی اللہِ بِالْاِسْتِغْرَاقِ فِیْ مُنَاجَاتِ مَوْلَاہُ[۲] اپنے مولیٰ کی مناجات میں غرق ہونے کے سبب اپنے قلب کو غیر اللہ سے خالی کرلو۔

۲) ایک سنت ایک دن بتائی جائے مثلاً نماز میں قیام کی ’’گیارہ‘‘ سنتوں سے ایک سنت یہ بتائی جاوے کہ سیدھے کھڑے ہونا اور سر کو نہ جھکانا، دوسرے دن یہ بتانا کہ کل سیدھے کھڑے ہونے کی سنت بتائی گئی تھی آج یہ سنت بتائی جارہی ہے کہ پیروں کی انگلیاں بھی کعبہ شریف کی طرف ہوں، تیسرے دن اس طرح بتائیں کہ پہلے دن اور دوسرے دن کی یہ سنت بتائی گئی سیدھے کھڑے ہونا اور پیروں کی انگلیوں کا قبلہ رُو ہونا آج تیسرے دن یہ سنت بتائی جارہی ہے کہ امام کی تکبیر تحریمہ کے ساتھ ساتھ مقتدی کی تکبیر ادا ہو لیکن شرط یہ کہ امام کی تکبیر تحریمہ سے مقتدی کی تکبیر تحریمہ پہلے نہ ختم ہو ورنہ نماز ہی صحیح نہ ہوگی، اس لیے ساتھ ساتھ سے مراد یہ ہے کہ تاخیر نہ کرے، امام کی تکبیر تحریمہ ختم ہوتے ہی فوراً مقتدی بھی تکبیر تحریمہ کہہ لے۔ اس طرح ایک سنت تین دن اور تین سنت ایک دن کا سلسلہ جاری ہوگا اور یاد کرنے میں آسانی ہوگی۔

حضرات! برسوں ہوجاتے ہیں ہماری نمازیں سنت کے مطابق ادا نہیں ہوتی۔ بعض اہلِ علم کو بھی دیکھا گیا کہ عملی مشق نہ ہونے سے انہیں بھی سنتوں کا استحضار نہیں ہوتا، جب

۱؎ مسند احمد: ۴۸۴/۳۸ (۲۳۴۹۸)، مؤسسۃ الرسالۃ

۲؎ مرقاۃ المفاتیح: ۳۲۷۰/۸، کتاب الرقاق، دار الفکر بیروت

گزارش کی گئی تو بہت مسرور ہوئے۔ طریقِ مذکور سے پوری زندگی سنت کے مطابق ہو سکتی ہے۔ سنت کی عظمت پر احقر کا ایک شعر ہے ؎

نقشِ قدم نبی ﷺ کے ہیں جنّت کے راستے
اللہ جل جلالہ سے ملاتے ہیں سنّت کے راستے

ہر مسجد کے ائمہ حضرات اگر ایک منٹ کا مدرسہ اسی طرح جاری فرمادیں تو نماز، وضو، کھانے پینے، سونے جاگنے، مسجد میں آنے جانے کی تمام سنتوں کا علم ہو سکتا ہے۔ ایک سال میں ۳٦۰ سنتیں یاد ہو سکتی ہیں۔

۳) بڑے بڑے گناہوں میں سے ایک گناہ بتایا جاوے جو جہنم میں گرانے کے لیے کافی ہے تاکہ اس سے توبہ کی توفیق ہو۔

۴) گناہوں کے نقصانات جو دنیا میں پیش آتے ہیں جن کو "جزاء الاعمال" میں حضرت حکیم الاُمت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ نے تحریر فرمایا ہے ہر روز ایک نقصان کو بتادیں، بعد میں گناہوں سے آخرت کے چند نقصانات بھی روزانہ ایک ایک بیان کر دیں۔

۵) نیکیوں کے فوائد جو دنیا میں عطا ہوتے ہیں ان میں سے ایک بتادیا جاوے اور آخر میں نیکیوں سے آخرت کا ایک ایک فائدہ روزانہ بتادیا جاوے۔ ان پانچ باتوں کو ایک منٹ میں بیان کر دے۔

یہ ایک منٹ کا مدرسہ ہے۔ شاید کوئی بھی ایک منٹ کے مدرسہ سے محروم نہ رہے گا کیوں کہ مشغول سے مشغول آدمی بھی ایک منٹ دے سکتا ہے۔ اس کے بعد درسِ تفسیر یا درسِ حدیث کا جو سلسلہ علمائے کرام اور ائمہ کرام کا ہو اس کو جاری فرمائیں، جن کے پاس وقت ہو گا وہ اس میں شرکت کریں گے اور جن کے پاس وقت نہ ہو گا وہ ایک منٹ کے مدرسہ سے نفع اٹھالیں گے۔ اللہ تعالیٰ ایک منٹ کا مدرسہ سارے عالم میں جاری فرماویں اور اُمتِ مسلمہ کو اس سے مستفیض فرماویں اور اس کے نفع کو عام و تام فرماویں اور اس کے مؤجد و مؤلف کے لیے قیامت تک صدقۂ جاریہ بنادیں، آمین۔

وَاٰخِرُ دَعْوٰنَا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ

ایک منٹ کے مدرسہ کا نمونہ اور اس کے اسباق

آسانی کے لیے ایک منٹ کے مدرسہ کا نمونہ پیش کیا جاتا ہے تاکہ اسی طرز پر اس مدرسہ کو جاری کرنا آسان ہو جائے۔ اسمائے کتب جن سے تیار کیا گیا: نورالایضاح، جزاء الاعمال، تعلیم الدین، حیات المسلمین، آئینۂ نماز۔ نماز کی جو سنتیں مردوں کے لیے خاص ہیں ان کو بیان کرتے ہوئے لکھ دیا ہے کہ یہ مردوں کے لیے ہیں اور بعد کے اسباق میں عورتوں کی نماز کا فرق بھی بیان کر دیا گیا ہے۔

سبق نمبر ۱

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

اَللّٰہُ أَکۡبَرُ کے معنیٰ اللہ تعالیٰ سب سے بڑے ہیں بلکہ بڑائی صرف اللہ کے لیے خاص ہے۔

(۲) ایک سنت

نماز کے قیام کی سنتوں سے ایک سنت یہ ہے کہ قبلہ رُو سیدھے کھڑے ہونا اور سر کو نہ جھکانا۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے کسی پر حقارت سے ہنسنا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہوں کے نقصانات سے جو دنیا میں ملتے ہیں ایک یہ ہے کہ گناہ کی نحوست سے بندہ علمِ دین سے محروم کر دیا جاتا ہے۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

نیکی اور عملِ صالح کے وہ فوائد جو دنیا ہی میں عطا ہوتے ہیں ایک یہ کہ رزق میں برکت عطا ہوتی ہے یعنی کبھی رزق میں ظاہری زیادتی بھی ہوتی ہے اور برکت تو ہمیشہ عطا ہوتی ہے۔

سبق نمبر ۲

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

سُبۡحَانَكَ اللّٰھُمَّ اے اللہ! ہم تیری پاکی بیان کرتے ہیں۔

(۲) ایک سنت

کل نماز میں قیام کی سنتوں سے ایک سنت قبلہ رُو سیدھے کھڑے ہونا اور سر کو نہ جھکانا بتائی گئی تھی۔ آج کا سبق پیروں کی انگلیاں بھی قبلہ رُو رکھنا اور چار انگلی کا فاصلہ رکھنا مستحب ہے۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہوں میں سے ایک گناہ ہے کسی کو طعنہ دینا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہوں سے دنیا کا ایک نقصان یہ ہے کہ رزق کم ہو جاتا ہے یعنی رزق کی برکت جاتی رہتی ہے اگرچہ بظاہر رزق کثیر نظر آئے لیکن اس کا نفع قلیل ہو جاتا ہے مثلاً بیماری و پریشانی و اسراف وغیرہ پر خرچ ہو گیا۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

طاعت اور عبادت سے دنیا کا ایک فائدہ یہ ہے کہ طرح طرح کی برکتیں آسمان سے نازل ہوتی ہیں۔

سبق نمبر ۳

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

وَبِحَمۡدِكَ اور تیری تعریف بیان کرتے ہیں۔

(۲) ایک سنت

نماز میں قیام کی پہلی سنت قبلہ رُو سیدھے کھڑے ہونا اور سر کو نہ جھکانا۔ دوسری سنت پیروں کی انگلیوں کو بھی قبلہ رُو رکھنا۔ اور آج کا سبق تیسری سنت مقتدی کی تکبیر تحریمہ امام کی تکبیر تحریمہ کے فوراً بعد ہونا۔

فائدہ: مقتدی کی تکبیر تحریمہ اگر امام کی تکبیر تحریمہ سے پہلے ختم ہوگئی تو اقتدا صحیح نہ ہوگی۔ (طحطاوی)

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ یہ ہے کہ کسی کو بُرے لقب سے پکارنا جیسے او اندھے، او لنگڑے، او موٹے وغیرہ۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہوں سے دنیا کا ایک نقصان یہ ہے کہ گناہ گار کو اللہ تعالیٰ سے ایک وحشت سی رہتی ہے۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

طاعت سے دنیا کا ایک فائدہ یہ ہے کہ ہر قسم کی تکلیف و پریشانی دور ہوتی ہے اور اللہ تعالیٰ ہر قسم کی دشواری سے نجات عطا فرماتے ہیں۔

سبق نمبر ۴

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

وَتَبَارَكَ اسْمُكَ اور تیرا نام بہت برکت والا ہے۔

(۲) ایک سنت

نماز میں قیام کی دو سنتیں بیان ہوئیں:۱) پیروں کو قبلہ رُو رکھنا۔ ۲) مقتدی کی تکبیر تحریمہ امام کی تکبیر تحریمہ کے فوراً بعد ہونا۔ اور آج کا سبق سنت ۳) تکبیر تحریمہ کہتے وقت دونوں ہاتھ کانوں تک اٹھانا۔ (یہ سنت صرف مردوں کے لیے ہے)

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک کبیرہ گناہ ہے بدگمانی کرنا، یعنی بلا دلیلِ شرعی کسی کو بُرا سمجھنا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہوں سے دنیا کا ایک نقصان یہ ہے کہ گناہ کرنے سے آدمیوں سے بھی وحشت ہونے لگتی ہے خاص کر اللہ والوں کی صحبت سے وحشت اور گھبراہٹ بڑھتی جاتی ہے اور یہ شخص اللہ والوں کی صحبت کی برکات سے محروم ہو جاتا ہے۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

طاعت و نیکی سے دنیا کا ایک فائدہ یہ ہے کہ مقاصد میں آسانی ہوتی ہے اللہ تعالیٰ اس کے ہر کام میں آسانی فرما دیتے ہیں۔

سبق نمبر ۵

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

وَتَعَالٰی جَدُّكَ اور تیری شان بہت بلند ہے۔

(۲) ایک سنت

کل نماز میں قیام کی یہ سنتیں بیان ہوئی تھیں:۱) مقتدی کی تکبیر تحریمہ امام کی تکبیر تحریمہ کے فوراً بعد ہونا۔ ۲) تکبیر تحریمہ کے وقت مردوں کو دونوں ہاتھ کانوں تک اٹھانا۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) تکبیر تحریمہ کے وقت ہتھیلیوں کو قبلہ رخ رکھنا۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے کسی کا عیب تلاش کرنا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہوں سے دنیا کا ایک نقصان یہ ہے کہ گناہ گار کو اکثر کاموں میں دشواری پیش آتی ہے۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

نیکی اور طاعت سے دنیا کا ایک فائدہ یہ ہے کہ نیکی کی برکت سے زندگی مزے دار ہو جاتی ہے، کھلی آنکھوں سے یہ بات نظر آتی ہے کہ ایسی پُر لطف زندگی بادشاہوں کو بھی میسر نہیں جیسی کہ اللہ کے نیک بندوں کو نصیب ہوتی ہے۔

سبق نمبر ۶

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

وَلَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ اور تیرے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔

(۲) ایک سنت

نماز میں قیام کی سنتیں جو کل بیان ہوئیں: ۱) تکبیر تحریمہ کے وقت مردوں کو دونوں ہاتھ کانوں تک اٹھانا۔ ۲) ہتھیلیوں کو قبلہ رخ رکھنا۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) انگلیوں کو اپنی حالت پر رکھنا۔ یعنی نہ زیادہ کھلی ہوں اور نہ زیادہ بند۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعید ہے ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے کسی کی غیبت کرنا یعنی اس کی پیٹھ پیچھے اس کو بُرائی سے یاد کرنا جس کو اگر وہ سنے تو اس کو ناگوار ہو۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہوں سے دنیا کا ایک نقصان یہ ہے کہ دل میں ایک ظلمت پیدا ہوتی ہے جس کی نحوست سے آدمی بدعت وگمراہی وجہالت میں مبتلا ہو کر ہلاک ہو جاتا ہے۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

طاعت ونیک اعمال سے دنیا کا ایک فائدہ یہ ہے کہ بارش ہوتی ہے، مال بڑھتا ہے، اولاد ہوتی ہے، باغات پھلتے پھولتے ہیں اور نہروں کا پانی زیادہ ہوتا ہے۔

سبق نمبر ۷

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

اَعُوۡذُ کے معنیٰ ہیں پناہ چاہتا ہوں میں۔

(۲) ایک سنت

نماز میں قیام کی دو سنتیں جو کل بیان ہوئیں:۱) تکبیر تحریمہ کے وقت ہتھیلیوں کو قبلہ کی طرف رکھنا۔۲) انگلیوں کو اپنی حالت پر رکھنا یعنی نہ زیادہ کھلی ہوں نہ زیادہ بند۔اور آج کا سبق سنت نمبر۳)ہاتھ باندھتے وقت داہنے ہاتھ کی ہتھیلی کو بائیں ہاتھ کی ہتھیلی کی پشت پر رکھنا۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے بلاوجہ کسی کو بُرا بھلا کہنا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہوں سے دنیا کا ایک نقصان یہ ہے کہ گناہ سے دل اور جسم میں کمزوری پیدا ہوتی ہے،دل کی کمزوری یہ ہے کہ نیک کاموں کی ہمت گھٹتے گھٹتے بالکل ختم ہو جاتی ہے اور جسم کیوں کہ دل کے تابع ہے اس لیے وہ بھی کمزور ہو جاتا ہے، یہی وجہ ہے کہ بظاہر تندرست و قوی کفار بھی صحابہ کے مقابلے میں نہ ٹھہر سکتے تھے۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

نیک اعمال سے دنیا کا ایک فائدہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ مومن صالح سے تمام آفات اور شر کو دور کر دیتا ہے۔

سبق نمبر ۸

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

بِاللّٰہِ کے معنٰی ہیں اللہ کی مدد سے

(۲) ایک سنت

کل قیام کی دو سنتیں یہ بیان ہوئی تھیں:۱) انگلیوں کو اپنی حالت پر رکھنا یعنی نہ زیادہ کھلی ہوں نہ زیادہ بند۔ ۲)ہاتھ باندھتے وقت داہنے ہاتھ کی ہتھیلی کو بائیں ہاتھ کی ہتھیلی کی پشت پر رکھنا۔ اور آج کا سبق ہے سنت نمبر ۳) مرد حضرات چھنگلیا اور انگوٹھے سے حلقہ بنا کر بائیں ہاتھ کے گٹے کو پکڑیں۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے چغلی کھانا یعنی اِدھر کی بات اُدھر لگا کر مسلمانوں کو آپس میں لڑانا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہوں سے دنیا کا ایک نقصان یہ ہے کہ آدمی توفیقِ طاعت اور نیک اعمال سے محروم ہو جاتا ہے یہاں تک کہ رفتہ رفتہ گناہوں کی نحوست سے تمام نیک کام چھوٹ جاتے ہیں۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

نیکی وعبادت کا ایک فائدہ یہ ہے کہ مالی نقصان کی تلافی ہو جاتی ہے اور اس کا نعم البدل مل جاتا ہے۔

سبق نمبر ۹

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

مِنَ الشَّیۡطٰنِ کے معنٰی ہیں شیطان سے۔

(۲) ایک سنت

نماز میں قیام کی دو سنتیں جو کل بیان ہوئیں: ۱) ہاتھ باندھتے وقت داہنے ہاتھ کی ہتھیلی کو بائیں ہاتھ کی ہتھیلی کی پشت پر رکھنا۔ ۲) مرد حضرات چھنگلیاں اور انگوٹھے سے حلقہ بنا کر بائیں ہاتھ کے گٹے کو پکڑیں۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) مرد درمیانی تین انگلیوں کو کلائی پر رکھیں۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے تہمت لگانا یعنی کسی میں جو عیب نہ ہو وہ اس کی طرف منسوب کرنا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہوں سے دنیا کا ایک نقصان یہ ہے کہ گناہوں سے زندگی گھٹتی ہے اور زندگی کی برکت نکل جاتی ہے۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

نیکی و طاعت سے دنیا کا ایک فائدہ یہ ہے کہ نیک کام میں مال خرچ کرنے سے مال بڑھتا ہے۔

سبق نمبر ۱۰

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

اَلرَّجِیۡمُ کے معنٰی مردود۔

اَعُوۡذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیۡطٰنِ الرَّجِیۡمِ کا ترجمہ ہوا کہ میں اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگتا ہوں شیطان مردود سے۔

(۲) ایک سنت

نماز میں قیام کی دو سنتیں جو کل بیان ہوئیں: ۱) مرد حضرات چھنگلیاں اور انگوٹھے سے حلقہ بنا کر بائیں ہاتھ کے گٹے کو پکڑیں۔ ۲) مرد حضرات درمیانی تین انگلیوں کو کلائی پر رکھیں۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) مرد حضرات ناف کے نیچے ہاتھ باندھیں۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے دھوکا دینا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہوں سے دنیا کا ایک نقصان یہ ہے کہ ایک گناہ دوسرے گناہ کا سبب ہو جاتا ہے جس سے گناہوں کی عادت پڑ جاتی ہے اور چھوڑنا دشوار ہو جاتا ہے۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

طاعت سے دنیا کا ایک فائدہ یہ ہے کہ اللہ کی فرماں برداری سے دل میں ایک ایسا سکون واطمینان پیدا ہو جاتا ہے جس کی لذت کے سامنے سلطنت ہفت اقلیم کی راحت ہیچ ہے۔

سبق نمبر ۱۱

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

بِسۡمِ اللّٰہِ کے معنٰی اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں۔

(۲) ایک سنت

کل نماز میں قیام کی یہ سنتیں بیان ہوئی تھیں:۱) مرد حضرات درمیانی تین انگلیوں کو کلائی پر رکھیں۔۲) مرد حضرات ناف کے نیچے ہاتھ باندھیں۔اور آج کا سبق سنت نمبر۳) ثناء یعنی سُبۡحَانَكَ اللّٰهُمَّ الخ پڑھنا۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے عار دلانا یعنی کسی کو اس کے کسی گناہ یا خطا پر شرمندہ کرنا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہوں سے دنیا کا ایک نقصان یہ ہے کہ گناہ کرنے سے توبہ کا ارادہ کمزور ہوتا جاتا ہے یہاں تک کہ بالکل توفیق ہی نہیں ہوتی اور اسی حالت میں موت آجاتی ہے۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

طاعت وعبادت کی برکت سے اولاد تک کو نفع پہنچتا ہے اور ایسے شخص کی اولاد بھی بلاؤں سے محفوظ رہتی ہے۔

سبق نمبر ١٢

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ
نَحۡمَدُهٗ وَنُصَلِّيۡ عَلٰى رَسُوۡلِهِ الۡكَرِيۡمِ

(١) ترجمۂ نماز

اَلرَّحۡمٰنُ کے معنٰی جو بڑا مہربان ہے۔ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰن کے معنٰی ہوئے: اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان ہے۔

(٢) ایک سنت

نماز میں قیام کی دو سنتیں جو کل بیان ہوئیں: ١) مرد حضرات ناف کے نیچے ہاتھ باندھیں۔ ٢) ثناء یعنی سُبۡحَانَكَ اللّٰهُمَّ الخ پڑھنا۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ٣) قرأت کی پہلی سنت تعوذ یعنی اَعُوۡذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيۡطٰنِ الرَّجِيۡمِ پڑھنا۔

(٣) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے کسی کے نقصان پر خوش ہونا۔

(٤) گناہ کے نقصانات

گناہوں کا ایک نقصان یہ ہے کہ کچھ دن میں اس گناہ کی بُرائی دل سے نکل جاتی ہے پھر شرم وحیا بھی جاتی رہتی ہے جس سے یہ کھلّم کھلا گناہ کرنے لگتا ہے اور اللہ تعالیٰ کی معافی اور مغفرت سے دور ہو جاتا ہے۔

(٥) طاعت اور عبادت کے فوائد

طاعت سے زندگی میں غیبی بشارتیں نصیب ہوتی ہیں مثلاً اچھا خواب دیکھ لیا جس سے اللہ کے ساتھ محبت اور حسنِ ظن اور بڑھ گیا جس سے مزید نیک اعمال کی توفیق ہو جاتی ہے۔

سبق نمبر ۱۳

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ
نَحۡمَدُهٗ وَنُصَلِّيۡ عَلٰى رَسُوۡلِهِ الۡكَرِيۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

اَلرَّحِيۡمِ نہایت رحم والا۔
بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ کے معنٰی ہوئے:
اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

(۲) ایک سنت

کل نماز میں قیام کی ایک سنت:۱) ثناء یعنی سُبۡحَانَكَ اللّٰهُمَّ الخ پڑھنا اور قرأت کی ایک سنت ۲) تعوذ یعنی اعوذ باللہ پڑھنا بیان ہوئیں۔ اور آج کا سبق، سنت نمبر ۳) تسمیہ یعنی بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ پڑھنا۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے تکبر کرنا یعنی اپنے کو بڑا اور دوسرے کو حقیر سمجھنا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہوں کا ایک نقصان یہ ہے کہ ہر گناہ دشمنانِ خدا میں سے کسی کی میراث ہے تو گویا یہ شخص ان ملعون قوموں کا وارث بنتا ہے اور حدیث میں ہے جو شخص کسی قوم کی وضع بنائے وہ ان ہی میں شمار ہوگا۔ لہٰذا توبہ میں دیر نہ کریں۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

نیک اعمال کرنے سے فرشتے مرتے وقت بہشت کی اور وہاں کی نعمتوں کی اور حق تعالیٰ کی رضا کی خوشخبری سناتے ہیں۔

سبق نمبر ۱۴

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّيْ عَلٰى رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ

(۱) ترجمۂ نماز

اَلْحَمْدُ کے معنٰی سب تعریفیں۔

(۲) ایک سنت

کل نماز میں قرأت کی دو سنتیں بیان ہوئیں: ۱) تعوذ یعنی اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ پڑھنا۔ ۲) تسمیہ یعنی بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھنا۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) چپکے سے آمین کہنا۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے فخر کرنا یعنی اپنی بڑائی جتانا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہوں سے دنیا کا ایک نقصان یہ ہے کہ ایسا شخص اللہ تعالیٰ کے نزدیک بے قدر اور ذلیل وخوار ہو جاتا ہے، پس مخلوق میں بھی اس کی عزت نہیں رہتی، چاہے لوگ کسی لالچ یا خوف سے بظاہر اس کی تعظیم کریں لیکن کسی کے دل میں اس کی عظمت نہیں رہتی۔ حق تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ جس کو اللہ ذلیل کرے اس کو کوئی عزت دینے والا نہیں۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

بعض طاعت وعبادت کا یہ اثر ہے کہ اگر کسی معاملے میں سمجھ میں نہیں آرہا ہو کہ کیا کرنا بہتر ہو گا اس خاص عبادت سے وہ تردّد اور فکر جاتا رہتا ہے اور اسی جانب رائے قائم ہو جاتی ہے جس میں سراسر نفع وخیر ہو، نقصان کا احتمال بالکل نہیں رہتا، جیسے نمازِ استخارہ پڑھ کر دعا کرنے سے۔

سبق نمبر ۱۵

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ
نَحۡمَدُهٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِهِ الۡكَرِيۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

لِلّٰهِ کے معنیٰ اللہ کے لیے خاص ہیں۔
اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ کے معنیٰ ہوئے: سب تعریفیں اللہ کے لیے خاص ہیں۔

(۲) ایک سنت

کل نماز میں قرأت کی دو سنتیں بیان ہوئیں: ۱) تسمیہ یعنی بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ پڑھنا۔ ۲) چپکے سے آمین کہنا۔ اور آج کا سبق قرأت کی سنت نمبر ۳) فجر اور ظہر میں طِوال مُفَصَّل یعنی سورۂ حجرات سے سورۂ بروج تک، عصر اور عشاء میں اَوساطِ مفصل یعنی سورۂ بروج سے سورۂ لم یکن تک اور مغرب میں قصارِ مفصل یعنی سورۂ اذا زلزلت سے سورۂ ناس تک کی سورتیں پڑھنا۔ (مراقی الفلاح)

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے کہ باوجود قدرت کے ضرورت مند کی مدد نہ کرنا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہوں کا ایک نقصان یہ ہے کہ گناہ کی نحوست نہ صرف گناہ گار کو پہنچتی ہے بلکہ اس کا ضرر دوسری مخلوقات کو بھی پہنچتا ہے حتیٰ کہ جانور تک اس پر لعنت کرتے ہیں۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

بعض طاعات وعبادات میں یہ اثر ہے کہ اس سے تمام کاموں کی ذمہ داری اللہ تعالیٰ لے لیتے ہیں جیسے کہ حدیثِ قدسی ہے کہ اے ابنِ آدم میرے لیے شروع دن میں چار رکعت پڑھ لیا کر میں ختم دن تک تیرے سارے کام بنادیا کروں گا۔ (ترمذی شریف)

سبق نمبر ۱۶

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

رَبِّ کے معنٰی پالنے والا۔

الحمد للہ رب کے معنٰی ہوئے: سب تعریفیں اللہ کے لیے خاص ہیں جو پالنے والا ہے۔

(۲) ایک سنت

کل نماز میں قرأت کی یہ سنتیں بیان ہوئیں: ۱) چپکے سے آمین کہنا۔ ۲) فجر اور ظہر میں طوالِ مفصل یعنی سورۂ حجرات سے سورۂ بروج تک، عصر اور عشاء میں اوساطِ مفصل یعنی سورۂ بروج سے سورۂ لم یکن تک اور مغرب میں قصارِ مفصل یعنی سورۂ اذا زلزلت سے سورۂ ناس تک کی سورتیں پڑھنا۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) فجر کی پہلی رکعت طویل کرنا۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے کسی کے مال کا نقصان کرنا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہوں کا ایک نقصان یہ ہے کہ گناہ کرنے سے عقل میں فتور اور کمی آجاتی ہے بلکہ گناہ کرنا خود کم عقلی کی دلیل ہے کیوں کہ اگر اس کی عقل ٹھکانے ہوتی تو ایسے صاحبِ قدرت اور دونوں جہاں کے مالک کی نافرمانی نہ کرتا، اور گناہ کی ذراسی لذت پر دنیا اور آخرت کے منافع کو ضایع نہ کرتا۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

بعض نیکیوں میں یہ اثر ہے کہ مال میں برکت ہوتی ہے۔ جیسا کہ حدیث شریف میں ہے کہ اگر بیچنے والے اور خریدنے والے سچ بولیں اور اپنے مال کی حالت ظاہر کردیں تو دونوں کے لیے ان کے معاملے میں برکت ہوتی ہے۔ (بخاری و مسلم)

سبق نمبر ۱۷

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

اَلۡعٰلَمِیۡنَ کے معنٰی ہر ہر عالَم کا۔ اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ کے معنٰی ہوئے: سب تعریفیں اللہ کے لیے خاص ہیں جو پالنے والا ہے ہر ہر عالَم کا۔

(۲) ایک سنت

کل نماز میں قرأت کی یہ سنتیں بیان ہوئیں: ۱) فجر اور ظہر میں طوالِ مفصل یعنی سورۂ حجرات سے سورۂ بروج تک، عصر اور عشاء میں اوساطِ مفصل یعنی سورۂ بروج سے سورۂ لم یکن تک اور مغرب میں قصارِ مفصل یعنی سورۂ اذا زلزلت سے سورۂ ناس تک پڑھنا۔ ۲) فجر کی پہلی رکعت طویل کرنا۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) قرآن نہ زیادہ جلدی پڑھنا نہ زیادہ ٹھہر کر بلکہ درمیانی رفتار سے پڑھنا۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے کسی کی آبرو کو صدمہ پہنچانا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہوں کا ایک بڑا نقصان یہ ہے کہ گناہ کرنے سے یہ شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی لعنت میں داخل ہو جاتا ہے کیوں کہ آپ نے بہت سے گناہوں پر لعنت فرمائی ہے مثلاً سود لینے والے پر، دینے والے پر، اس کے لکھنے والے پر، اس کے گواہ پر۔ اور لعنت فرمائی ہے چور پر اور تصویر بنانے والے پر اور قومِ لوط کا عمل کرنے والے پر اور صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو بُرا کہنے والے پر وغیرہ وغیرہ۔ اگر گناہ میں کوئی اور نقصان نہ بھی ہوتا تو یہ کیا تھوڑا نقصان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی لعنت میں یہ شخص داخل ہو گیا۔ نعوذ باللہ

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

طاعت و دینداری سے حکومت و سلطنت باقی رہتی ہے۔

سبق نمبر ۱۸

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

اَلرَّحۡمٰنِ یعنی بڑا مہربان۔

(۲) ایک سنت

کل نماز میں قرأت کی یہ سنتیں بیان ہوئیں: ۱) فجر کی پہلی رکعت طویل کرنا۔ ۲) قرآن نہ زیادہ جلدی پڑھنا نہ زیادہ ٹھہر کر بلکہ درمیانی رفتار سے پڑھنا۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) فرض کی تیسری اور چوتھی رکعت میں صرف سورۂ فاتحہ پڑھنا۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے چھوٹوں پر رحم نہ کرنا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہوں کا ایک بڑا نقصان یہ ہے کہ گناہ کرنے سے آدمی فرشتوں کی دعا سے محروم ہو جاتا ہے جیسا کہ قرآنِ پاک میں ہے کہ فرشتے ان مومنوں کے لیے دعائے مغفرت کرتے ہیں جو اللہ کی بتائی ہوئی راہ پر چلتے ہیں۔ پس جس نے گناہ کرکے وہ راہ چھوڑ دی وہ اس دولت کا کہاں مستحق رہا۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

بعض مالی عبادات سے اللہ تعالیٰ کا غصہ بجھتا ہے اور بُری حالت پر موت نہیں آتی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ صدقہ پروردگار کے غصہ کو بجھاتا ہے اور بُری موت سے بچاتا ہے۔ (ترمذی)

سبق نمبر ۱۹

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ

(۱) ترجمۂ نماز

اَلرَّحِیْمِ یعنی نہایت رحم والا۔

اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کے معنٰی ہوئے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

(۲) ایک سنت

کل نماز میں قرأت کی یہ سنتیں بیان ہوئیں:۱) قرآن نہ زیادہ جلدی پڑھنا نہ زیادہ ٹھہر کر بلکہ درمیانی رفتار سے پڑھنا۔ ۲) فرض کی تیسری اور چوتھی رکعت میں صرف سورۂ فاتحہ پڑھنا۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) رکوع کی تکبیر کہنا۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے بڑوں کی عزت نہ کرنا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہوں کا ایک بڑا نقصان یہ ہے کہ گناہ کرنے سے طرح طرح کی خرابیاں زمین میں پیدا ہوتی ہیں۔ پانی، ہوا، غلّہ، پھل ناقص ہو جاتا ہے۔ معلوم ہوا کہ روز بروز جو بے برکتی بڑھتی جاتی ہے یہ ہمارے گناہوں کا ثمرہ ہے۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

عبادت کا ایک اثر یہ ہے کہ دعا سے بلا ٹلتی ہے اور نیکی کرنے سے عمر بڑھتی ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ نہیں ہٹاتی قضا کو مگر دعا، اور نہیں بڑھاتی عمر کو مگر نیکی۔ (ترمذی)

سبق نمبر ۲۰

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

مٰلِکِ یعنی جو مالک ہے۔

(۲) ایک سنت

کل نماز کی یہ سنتیں بیان ہوئیں:۱) فرض کی تیسری اور چوتھی رکعت میں صرف سورۂ فاتحہ پڑھنا۔۲) رکوع کی تکبیر کہنا۔اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) رکوع میں مردوں کو دونوں ہاتھوں سے گھٹنوں کو پکڑنا۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے بھوکوں اور محتاجوں کی حیثیت کے موافق مدد نہ کرنا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہوں کا ایک بڑا نقصان یہ ہے کہ گناہ کرنے سے شرم وحیا جاتی رہتی ہے اور جب شرم نہیں رہتی تو آدمی جو کچھ کر گزرے تھوڑا ہے۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

سورۂ یٰسین پڑھنے سے تمام کام بن جاتے ہیں۔رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو شخص شروع دن میں سورۂ یٰسین پڑھے اس کی تمام حاجتیں پوری کی جائیں گی۔(دارمی)

سبق نمبر ۲۱

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

یَوۡمِ الدِّیۡنِ یعنی روزِ جزا۔

مٰلِكِ یَوۡمِ الدِّیۡنِ کے معنٰی ہوئے: جو مالک ہے روزِ جزا کا۔

(۲) ایک سنت

کل رکوع کی یہ سنتیں بیان ہوئیں: ۱) رکوع کی تکبیر کہنا۔ ۲) رکوع میں مردوں کو دونوں ہاتھوں سے گھٹنوں کو پکڑنا۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) گھٹنوں کو پکڑنے کے دوران مردوں کو اپنی انگلیوں کو کشادہ رکھنا۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے کسی دنیوی رنج سے اپنے مسلمان بھائی سے تین دن سے زیادہ بولنا چھوڑ دینا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہوں کا ایک بڑا نقصان یہ ہے کہ گناہ کرنے سے اللہ تعالیٰ کی عظمت دل سے نکل جاتی ہے، جب اس کے دل میں اللہ کی عظمت نہیں رہتی تو اللہ تعالیٰ کی نظر میں اس کی عزت نہیں رہتی اور پھر یہ شخص لوگوں کی نظروں میں ذلیل وخوار ہو جاتا ہے۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

سورۂ واقعہ پڑھنے سے فاقہ نہیں ہوتا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو شخص ہر رات میں سورۂ واقعہ پڑھا کرے اس کو کبھی فاقہ نہیں پہنچے گا۔ (شعب الایمان)

سبق نمبر ۲۲

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

اِیَّاکَ کے معنٰی آپ ہی کی۔

(۲) ایک سنت

کل رکوع کی یہ سنتیں بیان ہوئیں:۱) رکوع میں مردوں کو دونوں ہاتھوں سے گھٹنوں کو پکڑنا۔ ۲)گھٹنوں کو پکڑنے کے دوران مردوں کو اپنی انگلیوں کو کشادہ رکھنا۔اور آج کا سبق سنت نمبر ۳)رکوع میں پنڈلیوں کو سیدھا رکھنا۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے کسی جاندار کی تصویر بنانا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہوں سے دنیا کا ایک بڑا نقصان یہ ہے کہ گناہ کرنے سے نعمتیں چھن جاتی ہیں اور بلاؤں اور مصیبتوں کا ہجوم ہوتا ہے۔ بعض گناہ گار جو بڑے عیش میں نظر آتے ہیں تو یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ڈھیل ہے اور ایسا شخص اور بھی زیادہ خطرہ میں ہے کیوں کہ جب یہ پکڑ میں آئیں گے تو دنیا یا آخرت میں اکٹھی سزا دی جائے گی۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

ایمان کی برکت سے تھوڑے کھانے میں آسودگی ہو جاتی ہے۔ایک شخص کھانا بہت کھایا کرتا تھا پھر مسلمان ہو گیا تو کم کھانے لگا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ مومن ایک آنت میں کھاتا ہے اور کافر سات آنت میں۔(بخاری)

سبق نمبر ۲۳

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

نَعۡبُدُ کے معنٰی ہم عبادت کرتے ہیں۔

اِیَّاکَ نَعۡبُدُ کے معنٰی ہوئے: ہم آپ ہی کی عبادت کرتے ہیں۔

(۲) ایک سنت

کل رکوع کی یہ سنتیں بیان ہوئیں: ۱) گھٹنوں کو پکڑنے کے دوران مردوں کو اپنی انگلیوں کو کشادہ رکھنا۔ ۲) رکوع میں پنڈلیوں کو سیدھا رکھنا۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) مردوں کو رکوع میں پیٹھ کو بچھا دینا۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے کسی کی زمین پر موروثی کا دعویٰ کرنا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہ کرنے سے عزت و شرافت کے القاب چھن کر ذلّت و رُسوائی کے خطاب ملتے ہیں مثلاً نیکی کرنے سے جو شخص نیک و فرماں بردار تہجد گزار کہلاتا ہے اگر خدانخواستہ گناہ کرنے لگا تو اب وہی شخص فاسق، فاجر، زانی، ظالم وغیرہ کہلایا جاتا ہے۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

بعض دعاؤں کی یہ برکت ہے کہ بیماری لگنے اور مصیبت آنے کا خوف نہیں رہتا جیسا کہ حدیثِ پاک میں ارشاد ہے کہ جو شخص کسی مریض یا مبتلائے مصیبت کو دیکھ کر یہ دعا پڑھے:

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ الَّذِیۡ عَافَانِیۡ مِمَّا ابۡتَلَاکَ بِہٖ وَفَضَّلَنِیۡ عَلٰی کَثِیۡرٍ مِّمَّنۡ خَلَقَ تَفۡضِیۡلًا

تو وہ مصیبت ہرگز اس شخص کو نہ پہنچے گی۔

نوٹ: یہ دعا آہستہ سے پڑھے تاکہ مبتلائے مصیبت کو اذیت نہ ہو۔

سبق نمبر ۲۴

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

وَاِیَّاكَ نَسۡتَعِیۡنُ کے معنٰی ہیں: اور ہم آپ ہی سے مدد چاہتے ہیں۔

(۲) ایک سنت

کل رکوع کی یہ سنتیں بیان ہوئیں: ۱) پنڈلیوں کو سیدھا رکھنا۔ ۲) مردوں کو رکوع میں پیٹھ کو بچھادینا۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) مردوں کو سر اور سرین کو برابر رکھنا۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے خوب تندرست ہٹا کٹا ہونے کے باوجود بھیک مانگنا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہ کرنے سے شیاطین اس پر مسلط ہو جاتے ہیں اور بآسانی اس کے اعضا کو گناہوں میں غرق کر دیتے ہیں۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

بعض دعاؤں کی یہ برکت ہے کہ فکریں زائل ہو جاتی ہیں اور قرض ادا ہو جاتا ہے۔ جیسا کہ حدیثِ پاک میں یہ دعا بتائی گئی ہے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡۤ اَعُوۡذُ بِكَ مِنَ الۡھَمِّ وَالۡحُزۡنِ وَاَعُوۡذُ بِكَ مِنَ الۡعَجۡزِ وَالۡکَسَلِ وَاَعُوۡذُ بِكَ مِنَ الۡبُخۡلِ وَالۡجُبۡنِ وَاَعُوۡذُ بِكَ مِنۡ غَلَبَةِ الدَّیۡنِ وَقَھۡرِ الرِّجَالِ[۳]

---

[۳] سنن ابی داؤد: ۱/۲۱۷، باب الاستعاذۃ، ایچ ایم سعید

سبق نمبر ۲۵

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

اِھۡدِنَا کے معنٰی ہیں: بتلا دیجیے ہم کو۔

(۲) ایک سنت

کل رکوع کی یہ سنتیں بیان ہوئیں: ۱) مردوں کو رکوع میں پیٹھ کو بچھا دینا۔ ۲) مردوں کو سر اور سرین کو برابر رکھنا۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) رکوع میں کم سے کم تین بار سُبۡحَانَ رَبِّیَ الۡعَظِیۡمِ پڑھنا۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے داڑھی منڈوانا یا ایک مشت سے کم پر کتروانا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہ کرنے سے دل کا اطمینان جاتا رہتا ہے، ہر وقت ڈر لگا رہتا ہے کہ کوئی دیکھ نہ لے، کہیں عزت نہ جاتی رہے، کوئی بدلہ نہ لینے لگے وغیرہ وغیرہ۔ اس سے زندگی تلخ ہو جاتی ہے۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

بعض دعائیں ایسی ہیں کہ مخلوق کے ہر شر سے محفوظ رکھتی ہیں جیسے کہ سورۂ اخلاص، سورۂ فلق، سورۂ ناس صبح و شام تین تین بار پڑھنے سے ہر شر سے حفاظت کا حدیثِ پاک میں وعدہ ہے۔

سبق نمبر ۲۶

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

اَلصِّرَاطَ کے معنٰی راستہ۔ اِھۡدِنَا الصِّرَاطَ کے معنٰی ہوئے: بتلادیجیے ہم کو راستہ۔

(۲) ایک سنت

کل رکوع کی یہ سنتیں بیان ہوئیں: ۱) مردوں کو سر اور سرین کو برابر رکھنا۔ ۲) رکوع میں کم سے کم تین بار سُبۡحَانَ رَبِّیَ الۡعَظِیۡمِ پڑھنا۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) رکوع سے اٹھنے میں امام کو سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنۡ حَمِدَہٗ اور مقتدی کو رَبَّنَا لَکَ الۡحَمۡدُ اور منفرد کو دونوں کہنا۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے کافروں اور فاسقوں کا لباس پہننا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہ کرتے کرتے وہی گناہ دل میں بس جاتا ہے یہاں تک کہ مرتے وقت کلمہ تک منہ سے نہیں نکلتا بلکہ زندگی میں جو افعال کرتا تھا وہی سرزد ہوتے ہیں مثلاً ایک مانگنے والا آخری وقت میں پیسہ مانگتا ہوا مر گیا اور ایک گناہ گار کو کلمہ پڑھانے لگے تو کہا یہ میرے منہ سے نہیں نکلتا اور مر گیا۔ العیاذ باللہ

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

بعض طاعات سے حاجت روائی میں مدد ملتی ہے جیسے نمازِ حاجت پڑھ کر دعا مانگنے سے اللہ تعالیٰ بندے کی حاجت کو پورا فرمادیتے ہیں۔

سبق نمبر ۲۷

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

اَلْمُسْتَقِیْمَ کے معنٰی سیدھا۔

اِھۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِیۡمَ کے معنٰی ہوئے: بتلا دیجیے ہم کو سیدھا راستہ۔

(۲) ایک سنت

کل رکوع کی یہ سنتیں بیان ہوئیں: ۱) رکوع میں کم سے کم تین بار سُبۡحَانَ رَبِّیَ الۡعَظِیۡمِ پڑھنا۔ ۲) رکوع سے اٹھنے میں امام کو سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنۡ حَمِدَہٗ اور مقتدی کو رَبَّنَا لَکَ الۡحَمۡدُ اور منفرد کو دونوں کہنا۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) سجدہ کی تکبیر کہنا۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے مردوں کو عورتوں کا لباس پہننا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہ کرنے سے اللہ تعالٰی کی رحمت سے نااُمیدی ہو جاتی ہے اس وجہ سے توبہ نہیں کرتا اور بے توبہ مرتا ہے۔ کسی شخص کو کلمہ کی تلقین کی گئی تو کہا اس کلمہ سے کیا ہوگا میں نے تو کبھی نماز ہی نہیں پڑھی اور مر گیا۔ اللہ پناہ میں رکھے۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

ایمان اور عملِ صالح کی برکت سے اللہ ایسے لوگوں کا حامی و مددگار ہوتا ہے۔

سبق نمبر ۲۸

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

صِرَاطَ الَّذِیۡنَ راستہ ان لوگوں کا۔

(۲) ایک سنت

کل یہ سنتیں بیان ہوئیں: ۱) رکوع سے اٹھنے میں امام کو سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنۡ حَمِدَہٗ اور مقتدی کو رَبَّنَا لَکَ الۡحَمۡدُ اور منفرد کو دونوں کہنا۔ ۲) سجدہ کی تکبیر کہنا۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) سجدہ میں پہلے دونوں گھٹنوں کو زمین پر رکھنا۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے عورتوں کو مردوں کا لباس پہننا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہ کرنے سے دل پر ایک سیاہ دھبّہ لگ جاتا ہے جو توبہ سے مٹ جاتا ہے ورنہ بڑھتا ہی رہتا ہے جس سے قبولِ حق کی صلاحیت ہی ختم ہو جاتی ہے۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے ہیں فرشتوں کو حکم ہوتا ہے کہ ان کے دلوں کو قوی رکھو اور ان کو ثابت قدم رکھو۔

سبق نمبر ۲۹

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

اَنۡعَمۡتَ کے معنیٰ ہیں: آپ نے انعام فرمایا۔

(۲) ایک سنت

کل سجدہ کی یہ سنتیں بیان ہوئیں:

۱) سجدہ کی تکبیر کہنا۔ ۲) سجدہ میں پہلے دونوں گھٹنوں کو زمین پر رکھنا۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) پھر دونوں ہاتھوں کو رکھنا۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے زنا یعنی بدکاری کرنا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہ کرنے سے دنیا کی رغبت اور آخرت سے وحشت پیدا ہو جاتی ہے جس سے دنیائے فانی کے کاموں میں انہماک اور آخرت کے کاموں سے بے زاری ہو جاتی ہے۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

کامل ایمان والوں کو اللہ تعالیٰ سچی عزت عطا فرماتے ہیں۔

سبق نمبر ۳۰

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

عَلَیۡہِمۡ کے معنٰی ہیں: ان پر۔

صِرَاطَ الَّذِیۡنَ اَنۡعَمۡتَ عَلَیۡہِمۡ کے معنٰی ہوئے: راستہ ان لوگوں کا جن پر آپ نے انعام فرمایا ہے۔

(۲) ایک سنت

کل سجدہ کی یہ سنتیں بیان ہوئیں:

۱) سجدہ میں پہلے دونوں گھٹنوں کو زمین پر رکھنا۔ ۲) پھر دونوں ہاتھوں کو رکھنا۔ اور آج کا سبق سجدہ کی سنت نمبر ۳) پھر ناک رکھنا۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے چوری کرنا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہ کرنے سے اللہ تعالیٰ کا غضب نازل ہوتا ہے۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

ایمان و طاعت کی برکت سے اللہ تعالیٰ ان کے مراتب بلند فرمادیتے ہیں۔

سبق نمبر ۳۱

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

غَیۡرِ الۡمَغۡضُوۡبِ عَلَیۡہِمۡ کے معنٰی ہیں نہ راستہ ان لوگوں کا جن پر آپ کا غضب کیا گیا۔

(۲) ایک سنت

کل سجدہ کی یہ سنتیں بیان ہوئیں:

۱)دونوں ہاتھوں کو زمین پر رکھنا ۲)پھر ناک رکھنا۔اور آج کا سبق سجدہ کی سنت نمبر ۳) پھر پیشانی رکھنا۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے ڈکیتی ڈالنا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہ کرنے سے دل کی مضبوطی اور دین کی پختگی جاتی رہتی ہے۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

ایمان وطاعت کی برکت سے اللہ تعالیٰ مخلوق کے دلوں میں اس کی محبت ڈال دیتے ہیں اور زمین پر اس کو مقبولیت عطا کی جاتی ہے۔

سبق نمبر ۳۲

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

وَلَا الضَّآلِّیۡنَ اور نہ راستہ ان لوگوں کا جو رستہ سے گم ہو گئے یعنی گمراہ ہو گئے۔

(۲) ایک سنت

کل سجدہ کی یہ سنتیں بیان ہوئیں:

۱) سجدہ میں ناک رکھنا۔ ۲) پھر پیشانی رکھنا۔ اور آج کا سبق سجدہ کی سنت نمبر ۳) دونوں ہاتھوں کے درمیان سجدہ کرنا۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے جھوٹی گواہی دینا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہ کرنے سے بسا اوقات طاعت وعبادت کے فائدے ضائع ہو جاتے ہیں۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

نیک عمل کرنے والے مومنین کے حق میں قرآنِ پاک ہدایت وشفا ہے۔

سبق نمبر ۳۳

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

قُلۡ آپ کہہ دیجیے

(۲) ایک سنت

کل سجدہ کی یہ سنتیں بیان ہوئیں:

۱) زمین پر پیشانی رکھنا۔ ۲) دونوں ہاتھوں کے درمیان سجدہ کرنا۔ اور آج کا سبق سجدہ کی سنت نمبر ۳) مردوں کو سجدہ میں پیٹ کو رانوں سے الگ رکھنا۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے یتیم کا مال کھانا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

بے شرمی و بے حیائی کے کاموں سے طاعون اور ایسی نئی نئی بیماریاں پھیلتی ہیں جو پہلے لوگوں میں نہیں تھیں جیسے آج کل کینسر، ایڈز وغیرہ۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

شکر کرنے سے نعمت میں اضافہ ہوتا ہے۔

سبق نمبر ۳۴

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ
نَحۡمَدُهٗ وَنُصَلِّيۡ عَلٰى رَسُوۡلِهِ الۡكَرِيۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

هُوَ اللّٰهُ وہ یعنی اللہ۔

(۲) ایک سنت

کل سجدہ کی یہ سنتیں بیان ہوئیں:

۱) دونوں ہاتھوں کے درمیان سجدہ کرنا۔ ۲) مردوں کو سجدہ میں پیٹ کو رانوں سے الگ رکھنا۔ اور آج کا سبق سجدہ کی سنت نمبر ۳) مردوں کو پہلوؤں کو بازوؤں سے الگ رکھنا۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے ماں باپ کی نافرمانی کرنا اور ان کو تکلیف دینا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

زکوۃ نہ دینے سے بارش میں کمی ہو جاتی ہے۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

صراطِ مستقیم کی صورتِ مثالی آخرت میں مثل پل صراط کے ہے، پس جس شخص نے دنیا میں صراطِ مستقیم پر استقامت کی یعنی شریعت و سنت کا پابند رہا وہ اس پل صراط پر صحیح سالم گزر جائے گا۔ پس اگر چاہتے ہو کہ پل صراط پر پلک جھپکتے گزر جاؤ تو شریعت پر خوب مستقیم رہو۔

سبق نمبر ۳۵

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

اَحَدٌ کے معنیٰ ایک ہے۔ قُلۡ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ کے معنیٰ ہوئے: آپ کہہ دیجیے کہ وہ یعنی اللہ ایک ہے۔

(۲) ایک سنت

کل سجدہ کی یہ سنتیں بیان ہوئیں:

۱) مردوں کو سجدہ میں پیٹ کو رانوں سے الگ رکھنا۔ ۲) مردوں کو سجدہ میں پہلوؤں کو بازوؤں سے الگ رکھنا۔ اور آج کا سبق نمبر ۳) مردوں کو کہنیوں کو زمین سے الگ رکھنا۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے بے خطا جان کو قتل کرنا یعنی ناحق خون کرنا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

ناحق فیصلہ کرنے اور عہد شکنی کرنے سے دشمن کو مسلط کر دیا جاتا ہے۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

بعض طاعات مثلاً صبر پر جنت کا وعدہ ہے۔ حدیثِ قدسی میں ارشاد ہے کہ جب اپنے مومن بندے کے کسی پیارے کی جان لے لوں اور وہ ثواب سمجھ کر صبر کرے اس کے لیے میرے پاس جنت کے سوا کوئی بدلہ نہیں۔ (بخاری)

سبق نمبر ۳۶

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

اَللّٰہُ الصَّمَدُ کے معنیٰ ہیں: اللہ بے نیاز ہے۔

(۲) ایک سنت

کل سجدہ کی یہ سنتیں بیان ہوئیں:

۱) مردوں کو سجدہ میں پہلوؤں کو بازوؤں سے الگ رکھنا۔ ۲) مردوں کو کہنیوں کو زمین سے الگ رکھنا۔ اور آج کا سبق سجدہ کی سنت نمبر ۳) سجدہ میں کم از کم تین بار سُبۡحَانَ رَبِّیَ الۡاَعۡلٰی پڑھنا۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے جھوٹی قسم کھانا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

ناپ تول میں کمی کرنے سے قحط و تنگی اور حُکّام کے ظلم میں مبتلا کیا جاتا ہے۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

ہر عمل کی آخرت میں ایک صورتِ مثالی ہے جیسا کہ ترمذی شریف کی ایک حدیث سے معلوم ہوا کہ جنت کے درخت سُبۡحَانَ اللّٰہِ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکۡبَرُ ہیں۔ لہٰذا جو شخص چاہے کہ جنت کے بہت سے درخت حصہ میں آئیں وہ سُبۡحَانَ اللّٰہِ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکۡبَرُ خوب پڑھا کرے۔

سبق نمبر ۳۷

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

لَمۡ یَلِدۡ کے معنٰی ہیں: اس کے اولاد نہیں۔

(۲) ایک سنت

کل سجدہ کی یہ سنتیں بیان ہوئیں:

۱) مردوں کو سجدہ میں کہنیوں کو زمین سے الگ رکھنا۔ ۲) سجدہ میں کم از کم تین بار سُبۡحَانَ رَبِّیَ الۡاَعۡلٰی پڑھنا۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) سجدہ سے اٹھنے کی تکبیر کہنا۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے رشوت لینا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

خیانت کرنے سے دل میں دشمن کا رعب ڈال دیا جاتا ہے۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

آخرت میں سورۂ قُلۡ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ کی صورتِ مثالی محل کی طرح ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو شخص سورۂ قُلۡ ھُوَ اللّٰہُ دس بار پڑھے اس کے لیے جنت میں ایک محل تیار ہوتا ہے اور جو بیس مرتبہ پڑھے اس کے لیے دو محل تیار ہوتے ہیں اِلٰی اٰخر الحدیث۔ (دارمی) پس جو شخص چاہے کہ جنت میں بہت سے محل ملیں وہ کثرت سے سورۃ قُلۡ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ پڑھا کرے۔

سبق نمبر ۳۸

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

وَلَمۡ یُوۡلَدۡ کے معنیٰ ہیں: اور نہ وہ کسی کی اولاد ہے۔

(۲) ایک سنت

کل سجدہ کی یہ سنتیں بیان ہوئیں:

۱) سجدہ میں کم از کم تین بار سُبۡحَانَ رَبِّیَ الۡاَعۡلٰی پڑھنا۔ ۲) سجدہ سے اٹھنے کی تکبیر کہنا۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) سجدہ سے اٹھنے میں پہلے پیشانی پھر ناک پھر ہاتھوں کو پھر گھٹنوں کو اٹھانا اور دونوں سجدوں کے درمیان اطمینان سے بیٹھنا۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے رشوت دینا۔ (البتہ جہاں بغیر رشوت دیے ظالم کے ظلم سے نہ بچ سکے وہاں رشوت دینے والے کو گناہ نہ ہوگا لیکن رشوت لینا ہر حال میں حرام ہے)

(۴) گناہ کے نقصانات

دنیا کی محبت اور موت سے نفرت کرنے سے بزدلی پیدا ہوتی ہے اور دشمن کے دل سے رعب دور کر دیا جاتا ہے۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

آخرت میں عمل جاری (صدقۂ جاریہ) کی صورتِ مثالی چشمہ کی سی ہے۔ پس جو شخص چاہے کہ جنت کا چشمہ ملے وہ خوب صدقۂ جاریہ کیا کرے۔

سبق نمبر ۳۹

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

وَلَمۡ یَکُنۡ لَّہٗ کا ترجمہ ہے: اور نہ ہے اس کے۔

(۲) ایک سنت

کل سجدہ کی یہ سنتیں بیان ہوئیں:

۱) سجدہ سے اٹھنے کی تکبیر کہنا۔ ۲) سجدہ سے اٹھنے میں پہلے پیشانی پھر ناک پھر ہاتھوں کو پھر گھٹنوں کو اٹھانا اور دونوں سجدوں کے درمیان اطمینان سے بیٹھنا۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) قعدہ میں مردوں کو دائیں پیر کو کھڑا رکھنا اور بائیں پیر کو بچھا کر اس پر بیٹھنا اور پیر کی انگلیوں کو قبلہ کی طرف رکھنا۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے شراب پینا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جب اللہ تعالیٰ بندوں سے گناہوں کا انتقام لینا چاہتے ہیں تو بچے بکثرت مرتے ہیں اور عورتیں بانجھ ہو جاتی ہیں۔ (حیات المسلمین)

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

آخرت میں دین کی صورتِ مثالی لباس کی ہے۔ پس جو شخص چاہے کہ اسے جنت میں خوب عمدہ لباس ملے وہ دین و تقویٰ کو مضبوط پکڑے۔

سبق نمبر ۴۰

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

کُفُوًا اَحَدٌ کے معنیٰ ہیں: برابر کا کوئی۔

وَ لَمۡ یَکُنۡ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ کے معنیٰ ہوئے: اور نہ کوئی اس کے برابر کا ہے۔

(۲) ایک سنت

کل یہ سنتیں بیان ہوئیں: ۱) سجدہ سے اٹھنے میں پہلے پیشانی پھر ناک پھر ہاتھوں کو پھر گھٹنوں کو اٹھانا اور دونوں سجدوں کے درمیان اطمینان سے بیٹھنا۔ ۲) قعدہ میں مردوں کو دائیں پیر کو کھڑا رکھنا اور بائیں پیر کو بچھا کر اس پر بیٹھنا اور پیر کی انگلیوں کو قبلہ کی طرف رکھنا۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) دونوں ہاتھوں کو رانوں پر رکھنا۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے شراب پلانا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہ کرنے سے اللہ تعالیٰ حاکموں کے دلوں میں رعایا کے لیے غضب وغصہ پیدا فرمادیتے ہیں پھر وہ ان کو سخت عذاب وسزا کی تکلیف دیتے ہیں۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

سورۂ بقرہ اور سورۂ آل عمران کی صورتِ مثالی قیامت کے دن مثل بادل سیاہ سائبان یا قطار باندھے ہوئے پرندوں کی ٹکڑیوں کے ہوگی۔ پس جو شخص چاہے کہ قیامت کے دن سایہ میں ہو تو ان سورتوں کی تلاوت کیا کرے۔

سبق نمبر ۴۱

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

سُبۡحَانَ یعنی پاکی بیان کرتا ہوں۔

(۲) ایک سنت

کل قعدہ کی یہ سنتیں بیان ہوئیں:۱) مردوں کو دائیں پیر کو کھڑا رکھنا اور بائیں پیر کو بچھا کر اس پر بیٹھنا اور پیر کی انگلیوں کو قبلہ کی طرف رکھنا۔۲) دونوں ہاتھوں کو رانوں پر رکھنا۔ اور آج کا سبق قعدہ کی سنت نمبر ۳) تشہد میں اَشۡھَدُ اَنۡ لَّا اِلٰہَ پر شہادت کی انگلی کو اٹھانا اور اِلَّا اللّٰہُ پر جھکا دینا۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے شراب نچوڑنا یعنی کشید کرنا، بنانا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہ کرنے سے تعریف کرنے والا خود اس کی بُرائی کرنے لگتا ہے کیوں کہ اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کی نحوست سے اس کی محبت وعظمت دل سے نکل جاتی ہے۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

علم کی صورتِ مثالی آخرت میں مثل دودھ کے ہے۔ پس جو شخص چاہے کہ جنت میں دودھ کا چشمہ ملے یا حوضِ کوثر سے سیراب ہو وہ خوب علمِ دین حاصل کرے۔

سبق نمبر ۴۲

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

رَبِّیَ الۡعَظِیۡمۡ اپنے رب کی جو بزرگی والا ہے۔
سُبۡحَانَ رَبِّیَ الۡعَظِیۡمۡ کا ترجمہ ہوا: پاکی بیان کرتا ہوں میں اپنے رب کی جو بزرگی والا ہے۔

(۲) ایک سنت

کل قعدہ کی یہ سنتیں بیان ہوئیں:۱) دونوں ہاتھوں کو رانوں پر رکھنا۔۲) تشہد میں اَشۡھَدُ اَنۡ لَّا اِلٰہَ پر شہادت کی انگلی کو اٹھانا اور اِلَّا اللّٰہُ پر جھکا دینا۔اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) قعدہ آخر میں درود شریف پڑھنا۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے شراب نچڑوانا یعنی کشید کروانا، بنوانا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

بخاری شریف کی حدیث ہے کہ جو شخص کسی کی زمین سے بغیر حق کے ذرا سی بھی لے لے یعنی ناجائز قبضہ کرلے اس کو قیامت کے دن ساتوں زمین میں دھنسایا جائے گا۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

نماز کی صورتِ مثالی مثل نور کے ہے۔پس جو شخص چاہے کہ قیامت کے دن پل صراط پر اس کے پاس نور رہے تو نماز کا خوب اہتمام کرے۔

سبق نمبر ۴۳

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ
نَحۡمَدُهٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِهِ الۡكَرِيۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

سَمِعَ اللّٰهُ سنی اللہ نے بات۔

(۲) ایک سنت

کل قعدہ کی یہ سنتیں بیان ہوئیں:۱) تشہد میں اَشۡهَدُ اَنۡ لَّا اِلٰهَ پر شہادت کی انگلی کو اٹھانا اور اِلَّا اللّٰهُ پر جھکا دینا۔ ۲) قعدہ آخر میں درود شریف پڑھنا۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) درود شریف کے بعد کوئی دعا جو قرآن وحدیث میں آئی ہو پڑھنا۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے شراب کا بیچنا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہ کا سب سے بڑا نقصان یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ناراض ہوتے ہیں، اگر گناہ پر کوئی اور سزا نہ بھی ہوتی تو صرف یہ سوچ کر گناہ سے بچنا ضروری تھا کہ کوئی شخص اپنے محسن کو ناراض کرنا پسند نہیں کرتا تو اس محسنِ حقیقی اور ایسے کریم مالک کو جس کے ہم پر بے شمار ولامتناہی احسانات ہیں ناراض کرنا شرافتِ بندگی کے خلاف ہے پھر اس کے علاوہ گناہوں پر دنیا و آخرت میں سخت عذابوں کی وعید بھی ہے۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

عبادت وطاعت کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ راضی ہوتے ہیں۔ حدیثِ قدسی میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ جب میری اطاعت کی جاتی ہے تو میں راضی ہوتا ہوں اور جب راضی ہوتا ہوں تو برکت کرتا ہوں اور میری برکت کی کوئی انتہا نہیں۔ (حیات المسلمین)

سبق نمبر ۴۴

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

لِمَنۡ اس کی۔

(۲) ایک سنت

کل قعدہ کی یہ سنتیں بیان ہوئیں:

۱) قعدہ آخر میں درود شریف پڑھنا۔ ۲) درود شریف کے بعد کوئی دعا جو قرآن وحدیث میں آئی ہو پڑھنا۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) دونوں طرف سلام پھیرنا۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے شراب کا خریدنا

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہ کا ایک نقصان یہ ہے کہ بندہ علمِ دین سے محروم کر دیا جاتا ہے۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

عبادت اور نیک اعمال سے دنیا کا ایک فائدہ یہ ہے کہ رزق میں برکت عطا ہوتی ہے، یعنی کبھی رزق میں ظاہری زیادتی بھی ہوتی ہے اور برکت تو ہمیشہ ہوتی ہے کہ تھوڑے رزق میں نفع کثیر ہوتا ہے۔ اور چین سے گزر اوقات ہوتی ہے۔

سبق نمبر ۴۵

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

حَمِدَہٗ جس نے تعریف کی۔

سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنۡ حَمِدَہٗ کا ترجمہ ہوا: سنی اللہ نے بات اس کی جس نے تعریف کی۔

(۲) ایک سنت

کل قعدہ کی یہ سنتیں بیان ہوئیں:۱) درود شریف کے بعد کوئی دعا جو قرآن وحدیث میں آئی ہو پڑھنا۔۲) دونوں طرف سلام پھیرنا۔اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) سلام کی داہنے طرف سے ابتدا کرنا۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے شراب کے دام کھانا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہ کا ایک نقصان یہ ہے کہ رزق کم ہو جاتا ہے یعنی رزق کی برکت جاتی رہتی ہے کہ اگرچہ بظاہر زیادہ نظر آئے لیکن اس کا نفع قلیل ہو جاتا ہے۔ مثلاً بیماری، پریشانی، مقدمہ واسراف وغیرہ پر خرچ ہو گیا۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

نیکی وطاعت سے دنیا کا ایک فائدہ یہ ہے کہ طرح طرح کی برکتیں آسمان وزمین سے نازل ہوتی ہیں۔

سبق نمبر ۴۶

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

رَبَّنَا کا ترجمہ ہوا: اے ہمارے پروردگار۔

(۲) ایک سنت

کل قعدہ کی یہ سنتیں بیان ہوئیں:

۱) دونوں طرف سلام پھیرنا۔ ۲) سلام کی داہنے طرف سے ابتدا کرنا۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) امام کو مقتدیوں، فرشتوں اور نیک جنات کو سلام کی نیت کرنا۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے شراب کو لاد کر لانا یعنی کسی کے لیے شراب لانا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہوں کا ایک نقصان یہ ہے کہ گناہ گار کو اللہ تعالیٰ سے ایک وحشت سی رہتی ہے۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

طاعت سے دنیا کا ایک فائدہ یہ ہے کہ ہر قسم کی تکلیف و پریشانی دور ہوتی ہے اور ہر قسم کی تنگی و دشواری سے نجات ملتی ہے۔

سبق نمبر ۷۴

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

لَكَ الْحَمْدُ تیرے ہی لیے سب تعریفیں ہیں۔

رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ کا ترجمہ ہوا: اے ہمارے رب تیرے ہی لیے سب تعریفیں ہیں۔

(۲) ایک سنت

کل قعدہ کی یہ سنتیں بیان ہوئیں:

۱) سلام کی داہنے طرف سے ابتدا کرنا۔ ۲) امام کو مقتدیوں، فرشتوں اور نیک جنات کو سلام کی نیت کرنا۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) مقتدیوں کو امام اور فرشتوں، نیک جنات اور دائیں بائیں کے مقتدیوں کو سلام کی نیت کرنا۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے شراب منگانا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہوں کا ایک نقصان یہ ہے کہ گناہ کرنے سے آدمیوں سے خصوصاً نیک لوگوں سے وحشت ہونے لگتی ہے اور اس طرح ان سے دور ہو کر ان کے برکات سے محروم ہو جاتا ہے۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

طاعت سے دنیا کا ایک فائدہ یہ ہے کہ ہر کام میں آسانی ہوتی ہے۔

سبق نمبر ۴۸

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

سُبۡحَانَ رَبِّیَ الۡاَعۡلٰی پاک ہے میرا رب جو بہت بڑا ہے۔

(۲) ایک سنت

کل قعدہ کی یہ سنتیں بیان ہوئیں یعنی:

۱)سلام پھیرتے وقت امام کو مقتدیوں، فرشتوں اور نیک جنات کو سلام کی نیت کرنا۔ ۲) مقتدیوں کو امام اور فرشتوں، نیک جنات اور دائیں بائیں کے مقتدیوں کو سلام کی نیت کرنا۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) منفرد کو صرف فرشتوں کو سلام کی نیت کرنا۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے جہادِ شرعی سے بھاگ جانا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہ کرنے سے اکثر کاموں میں دشواری پیش آتی ہے۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

نیکی وطاعت کا ایک دنیوی فائدہ یہ ہے کہ زندگی مزے دار ہو جاتی ہے، اور ایسی پُرلطف زندگی بادشاہوں کو بھی میسر نہیں جیسی اللہ کے نیک بندوں کو نصیب ہوتی ہے۔

سبق نمبر ۴۹

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ
نَحۡمَدُهٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِهِ الۡكَرِيۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

اَلتَّحِيَّاتُ کا ترجمہ ہوا: سب زبانی عبادتیں۔

(۲) ایک سنت

کل قعدہ کی یہ سنتیں بیان ہوئیں:

۱) سلام پھیرتے وقت مقتدیوں کو امام اور فرشتوں، نیک جنات اور دائیں بائیں کے مقتدیوں کو سلام کی نیت کرنا۔ ۲) منفرد کو صرف فرشتوں کو سلام کی نیت کرنا۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) مقتدی کو امام کے ساتھ ساتھ سلام پھیرنا۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے رشوت کے معاملے میں پڑنا مثلاً رشوت دینے لینے کا معاملہ طے کرادینا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہ کا ایک نقصان یہ ہے کہ دل میں تاریکی و ظلمت پیدا ہوتی ہے جس کی نحوست سے آدمی بدعت و گمراہی و جہالت میں مبتلا ہو کر ہلاک ہو جاتا ہے۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

نیکی و طاعت کا ایک دنیوی فائدہ یہ ہے کہ بارش ہوتی ہے، مال بڑھتا ہے، اولاد ہوتی ہے، باغات پھلتے پھولتے ہیں اور نہروں کا پانی زیادہ ہوتا ہے۔

سبق نمبر ۵۰

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

لِلّٰہِ کے معنیٰ ہیں اللہ کے لیے۔

(۲) ایک سنت

کل قعدہ کی یہ سنتیں بیان ہوئیں:

۱) سلام پھیرتے وقت منفرد کو صرف فرشتوں کو سلام کی نیت کرنا۔ ۲) مقتدی کو امام کے ساتھ ساتھ سلام پھیرنا۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) امام کو دوسرے سلام کی آواز کو پہلے سلام کی آواز سے پست کرنا۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے جوا کھیلنا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

ایک نقصان یہ ہے کہ گناہ کرنے سے دل اور جسم میں کمزوری پیدا ہوتی ہے، دل کی کمزوری یہ ہے کہ نیک کاموں کی ہمت گھٹتے گھٹتے بالکل ختم ہو جاتی ہے، دل کی کمزوری سے جسم بھی کمزور ہو جاتا ہے یہی وجہ ہے کہ بظاہر قوی و تندرست کفار بھی صحابہ کے سامنے نہ ٹھہر سکتے تھے۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

اللہ تعالیٰ اپنے نیک بندوں سے تمام شر ورو آفات کو دور کر دیتا ہے۔

سبق نمبر ۵۱

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

وَالصَّلَوَاتُ تمام بدنی عبادتیں۔

(۲) ایک سنت

کل قعدہ کی یہ سنتیں بیان ہوئیں:

۱) مقتدی کو امام کے ساتھ ساتھ سلام پھیرنا۔ ۲) امام کو دوسرے سلام کی آواز کو پہلے سلام کی آواز سے پست کرنا۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) مسبوق کو امام کے فارغ ہونے کا انتظار کرنا۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے ظلم کرنا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

ایک نقصان یہ ہے کہ گناہ کرنے سے آدمی توفیقِ طاعت سے محروم ہو جاتا ہے حتّٰی کہ گناہوں کی نحوست سے رفتہ رفتہ تمام نیک کام چھوٹ جاتے ہیں۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

نیکی وطاعت سے دنیا کا ایک فائدہ یہ ہے کہ مالی نقصان کی تلافی ہو جاتی ہے اور اس کا نعم البدل مل جاتا ہے۔

سبق نمبر ۵۲

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

وَالطَّیِّبَاتُ تمام مالی عبادتیں۔

اَلتَّحِیَّاتُ لِلّٰہِ وَالصَّلَوٰتُ وَالطَّیِّبَاتُ کا ترجمہ ہوا: سب زبانی عبادتیں اور بدنی عبادتیں اور مالی عبادتیں اللہ کے لیے ہیں۔

(۲) ایک سنت

کل قعدہ کی یہ سنتیں بیان ہوئیں:۱) امام کو دوسرے سلام کی آواز کو پہلے سلام کی آواز سے پست کرنا۔ ۲) مسبوق کو امام کے فارغ ہونے کا انتظار کرنا۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) رکوع میں مرد کے ہاتھ کی انگلیاں پھیلی ہوئی ہوں اور سجدہ میں انگلیاں ملی ہوئی ہوں گی۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے کسی کا مال یا چیز بغیر اس کی مرضی واجازت کے لینا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہوں سے دنیا کا ایک نقصان یہ ہے کہ گناہ کرنے سے زندگی گھٹتی ہے اور زندگی کی برکت نکل جاتی ہے۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

نیکی وطاعت سے دنیا کا ایک فائدہ یہ ہے کہ نیک کام میں مال خرچ کرنے سے مال بڑھتا ہے۔

سبق نمبر ۵۳

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

اَلسَّلَامُ عَلَیۡكَ سلام ہو آپ پر۔

(۲) ایک سنت

کل یہ سنتیں بیان ہوئیں:۱) مسبوق کو امام کے فارغ ہونے کا انتظار کرنا۔ ۲) رکوع میں مرد کے ہاتھ کی انگلیاں پھیلی ہوئی ہوں اور سجدہ میں انگلیاں ملی ہوئی ہوں گی۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳)عورتوں کی نماز کے طریقے کا فرق: عورت تکبیر تحریمہ کہتے وقت دونوں ہاتھ کندھوں تک اٹھائے، مردوں کی طرح کانوں تک نہ اٹھائے۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے سود لینا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہ کا ایک نقصان یہ ہے کہ ایک گناہ دوسرے گناہ کا سبب ہو جاتا ہے، یہاں تک کہ گناہوں کا عادی ہو جانے سے چھوڑنا دشوار ہوتا ہے حتیٰ کہ گناہ میں لذت بھی نہیں رہتی مگر عادت سے مجبور ہو کر کرتا ہے۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

عبادت وطاعت سے دل کو ایسا سکون واطمینان عطا ہوتا ہے جس کی لذت کے سامنے ہفت اقلیم کی سلطنت ہیچ ہے۔

سبق نمبر ۵۴

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

اَیُّھَا النَّبِیُّ اے نبی۔

اَلسَّلَامُ عَلَیۡكَ اَیُّھَا النَّبِیُّ کا ترجمہ ہے: سلام ہو آپ پر اے نبی۔

(۲) ایک سنت

کل یہ سنتیں بیان ہوئیں: ۱) رکوع میں مرد کے ہاتھ کی انگلیاں پھیلی ہوئی ہوں اور سجدہ میں انگلیاں ملی ہوئی ہوں گی۔ ۲) عورتوں کی نماز کے طریقے کا فرق: عورت تکبیر تحریمہ کہتے وقت دونوں ہاتھ کندھوں تک اٹھائے، مردوں کی طرح کانوں تک نہ اٹھائے۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) ہاتھوں کو دوپٹہ سے باہر نہ نکالے۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے سود دینا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہ کا ایک نقصان یہ ہے کہ گناہ کرنے سے توبہ کا ارادہ کمزور ہوتا جاتا ہے یہاں تک کہ بالکل توبہ کی توفیق نہیں ہوتی اور اسی نافرمانی کی حالت میں موت آجاتی ہے۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

طاعت و نیکی سے دنیا کا ایک فائدہ یہ ہے کہ اس شخص کی اولاد تک کو نفع پہنچتا ہے اور اولاد بھی بلاؤں سے محفوظ رہتی ہے۔

سبق نمبر ۵۵

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

وَرَحۡمَۃُ اللّٰہِ اور اللہ کی رحمت۔

(۲) ایک سنت

کل عورتوں کی نماز کے طریقے کا یہ فرق بیان ہوا:۱) عورت تکبیر تحریمہ کہتے وقت دونوں ہاتھ کندھوں تک اٹھائے، مردوں کی طرح کانوں تک نہ اٹھائے۔۲) ہاتھوں کو دوپٹہ سے باہر نہ نکالے۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) عورت سینہ پر ہاتھ باندھے۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے سود لکھنا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہ کا ایک نقصان یہ ہے کہ کچھ دن میں اس گناہ کی بُرائی دل سے نکل جاتی ہے اور یہ شخص کھلم کھلا گناہ کرنے لگتا اور اللہ تعالیٰ کی مغفرت و معافی سے دور ہو جاتا ہے اور گناہ کی بُرائی دل سے کم ہوتے ہوتے بعض اوقات کفر تک نوبت پہنچ جاتی ہے۔ نعوذ باللہ

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

عبادت و طاعت سے زندگی میں غیبی بشارتیں نصیب ہوتی ہیں مثلاً اچھا خواب دیکھ لیا کہ جیسے جنت میں چلا گیا ہے جس سے دل خوش ہو گیا اور اللہ تعالیٰ سے محبت اور بڑھ گئی اور اس سے مزید نیک اعمال کی توفیق ہو جاتی ہے۔

سبق نمبر ٥٦

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ
نَحۡمَدُهٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِهِ الۡكَرِيۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

وَبَرَكَاتُهٗ اور اس کی برکتیں۔

اَلسَّلَامُ عَلَيۡكَ سے وَبَرَكَاتُهٗ تک یہ ترجمہ ہوا: سلام ہو آپ پر اے نبی اور اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں آپ پر نازل ہوں۔

(۲) ایک سنت

کل عورتوں کی نماز کے طریقے کا یہ فرق بیان ہوا: ۱) ہاتھوں کو دوپٹہ سے باہر نہ نکالے۔ ۲) عورت سینہ پر ہاتھ باندھے۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) عورت داہنے ہاتھ کی ہتھیلی بائیں ہاتھ کی ہتھیلی کی پشت پر رکھ دے، مردوں کی طرح چھنگلیا اور انگوٹھے سے گٹے کو نہ پکڑے۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے سود پر گواہ بننا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہ کا ایک نقصان یہ ہے کہ ہر گناہ دشمنانِ خدا میں سے کسی کی میراث ہے تو گویا یہ شخص ان ملعون قوموں کا وارث بنتا ہے، اور حدیثِ پاک میں ہے کہ جو شخص کسی قوم کی وضع بنائے وہ ان ہی میں شمار ہو گا لہٰذا جلد توبہ کرنی چاہیے۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

نیک اعمال کرنے سے فرشتے مرتے وقت جنت کی اور وہاں کی نعمتوں کی اور حق تعالیٰ کی رضا کی خوشخبری سناتے ہیں۔

سبق نمبر ۵۷

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

اَلسَّلَامُ عَلَیۡنَا سلام ہو ہم پر۔

(۲) ایک سنت

کل عورتوں کی نماز کے طریقے کا یہ فرق بیان ہوا:۱) عورت سینہ پر ہاتھ باندھے۔۲) عورت داہنے ہاتھ کی ہتھیلی بائیں ہاتھ کی ہتھیلی کی پشت پر رکھ دے، مردوں کی طرح چھنگلیا اور انگوٹھے سے گٹے کو نہ پکڑے۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) رکوع میں کم جھکے۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے جھوٹ بولنا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہ کا ایک نقصان یہ ہے کہ ایسا شخص اللہ تعالیٰ کے نزدیک بے قدر و ذلیل ہو جاتا ہے اور مخلوق میں بھی عزت نہیں رہتی خواہ لوگ اس کے شر کے خوف سے یا کسی لالچ سے اس کی تعظیم کریں لیکن کسی کے دل میں اس کی عظمت نہیں رہتی۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

بعض عبادات میں یہ اثر ہے کہ اگر کسی معاملے میں تردّد و فکر ہو وہ جاتا رہتا ہے اور اسی طرف رائے قائم ہو جاتی ہے جس میں سراسر خیر اور نفع ہو۔ نقصان کا احتمال ہی نہیں رہتا جیسے نمازِ استخارہ پڑھ کر دعا کرنے سے۔

سبق نمبر ۵۸

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

وَعَلٰی عِبَادِ اللّٰہِ اور اللہ کے بندوں پر۔

(۲) ایک سنت

کل عورتوں کی نماز کے طریقے کا یہ فرق بیان ہوا:)عورت داہنے ہاتھ کی ہتھیلی بائیں ہاتھ کی ہتھیلی کی پشت پر رکھ دے، مردوں کی طرح چھنگلیا اور انگوٹھے سے گٹے کو نہ پکڑے۔ ۲) رکوع میں کم جھکے۔ اور آج کا سبق نمبر ۳) رکوع میں دونوں ہاتھ کی انگلیاں ملا کر گھٹنوں پر رکھ دے مردوں کی طرح انگلیاں کشادہ کر کے گھٹنوں کو نہ پکڑے۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے امانت میں خیانت کرنا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہوں سے دنیا کا ایک نقصان یہ ہے کہ گناہ کی نحوست نہ صرف گناہ گار کو پہنچتی ہے بلکہ اس کا ضرر دوسری مخلوقات کو بھی پہنچتا ہے جس کی وجہ سے جانور تک اس پر لعنت کرتے ہیں۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

بعض عبادات میں یہ اثر ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کے تمام کاموں کی ذمہ داری لے لیتے ہیں۔ جیسے حدیثِ قدسی میں ارشاد ہے کہ اے ابنِ آدم میرے لیے شروع دن میں چار رکعت پڑھ لیا کر میں ختم دن تک تیرے سارے کام بنا دیا کروں گا۔ (ترمذی شریف)

سبق نمبر ۵۹

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

اَلصّٰالِحِیۡنَ نیک بندے۔

اَلسَّلَامُ عَلَیۡنَا سے الصّٰالِحِیۡنَ تک یہ ترجمہ ہوا: سلام ہو ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر۔

(۲) ایک سنت

کل عورتوں کی نماز کے طریقے کا یہ فرق بیان ہوا: ۱) عورت رکوع میں کم جھکے۔ ۲) رکوع میں دونوں ہاتھ کی انگلیاں ملا کر گھٹنوں پر رکھ دے، مردوں کی طرح انگلیاں کشادہ کرکے گھٹنوں کو نہ پکڑے۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) دونوں بازو پہلو سے خوب ملائے رہے۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے وعدہ خلافی کرنا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہوں سے دنیا کا ایک نقصان یہ ہے کہ عقل میں فتور اور کمی آجاتی ہے، بلکہ گناہ بدعقل ہی کرتا ہے، اگر عقل صحیح ہوتی تو ایسے قدرت والے دونوں جہاں کے مالک کی نافرمانی نہ کرتا اور گناہ کی ذرا سی لذّت پر دنیا و آخرت کے منافع کو ضایع نہ کرتا۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

بعض نیکیوں میں یہ اثر ہے کہ مال میں برکت ہوتی ہے۔ جیسا کہ حدیثِ پاک میں بیچنے والے اور خریدنے والے کے سچ بولنے پر اور اپنے مال کا عیب بتا دینے پر برکت کا وعدہ ہے۔ (جزاء الاعمال)

سبق نمبر ۶۰

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

اَشۡھَدُ میں گواہی دیتا ہوں۔

(۲) ایک سنت

کل عورتوں کی نماز کے طریقے کا یہ فرق بیان ہوا:۱) عورت رکوع میں دونوں ہاتھ کی انگلیاں ملا کر گھٹنوں پر رکھ دے مردوں کی طرح انگلیاں کشادہ کر کے گھٹنوں کو نہ پکڑے۔ ۲) دونوں بازو پہلو سے خوب ملائے رہے۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) دونوں پیر کے ٹخنے بالکل ملا دے۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے لڑکیوں کو میراث کا حصہ نہ دینا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہوں کا ایک بڑا نقصان یہ ہے کہ گناہ گار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی لعنت میں داخل ہو جاتا ہے کیوں کہ آپ نے بہت سے گناہوں پر لعنت فرمائی ہے مثلاً قوم لوط کا عمل کرنے والے پر، تصویر بنانے والے پر، چور پر اور صحابہ کو برا کہنے والے پر وغیرہ وغیرہ۔ اگر گناہ پر کوئی اور سزا نہ بھی ہوتی تو کیا یہ تھوڑا نقصان ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی لعنت میں یہ شخص آگیا۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

نیکی اور طاعت کا ایک دنیوی فائدہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی فرماں برداری سے حکومت وسلطنت باقی رہتی ہے۔

سبق نمبر ۶۱

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

اَنۡ لَّآ اِلٰہَ کہ کوئی معبود نہیں۔

(۲) ایک سنت

کل عورتوں کی نماز کے طریقے کا یہ فرق بیان ہوا ۱:) عورت دونوں بازو پہلو سے خوب ملائے رہے۔ ۲) دونوں پیر کے ٹخنے بالکل ملادے۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) سجدہ میں عورت پاؤں کھڑے نہ کرے بلکہ داہنی طرف کو نکال دے۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے اللہ تعالیٰ کا کوئی فرض جیسے نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ چھوڑ دینا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہ کرنے سے آدمی فرشتوں کی دعا سے محروم ہو جاتا ہے۔ فرشتے ان مومنین کے لیے دعائے مغفرت کرتے ہیں جو اللہ کے بتائے ہوئے راستے پر چلتے ہیں، بس جس نے گناہ کر کے وہ راہ چھوڑ دی وہ اس دولت کا کہاں مستحق رہا۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

بعض مالی عبادات سے اللہ تعالیٰ کا غصہ بجھتا ہے اور بُری حالت پر موت نہیں آتی ۔ حدیثِ پاک میں ہے کہ صدقہ پروردگار کے غصہ کو بجھاتا ہے اور بُری موت سے بچاتا ہے۔

سبق نمبر ٦٢

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

اِلَّا اللّٰہُ کہ کوئی معبود نہیں اللہ کے سوا۔
اَشۡھَدُ اَنۡ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کا ترجمہ ہوا: میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔

(۲) ایک سنت

کل عورتوں کی نماز کے طریقے کا یہ فرق بیان ہوا: ۱) دونوں پیر کے ٹخنے بالکل ملا دے۔ ۲) سجدہ میں عورت پاؤں کھڑے نہ کرے بلکہ داہنی طرف کو نکال دے۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) خود سمٹ کر اور دب کر سجدہ کرے کہ پیٹ دونوں رانوں سے اور بانہیں یعنی بازو دونوں پہلوؤں سے ملا دے۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے کسی مسلمان کو بے ایمان، کافر، خدا کا دشمن کہنا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہوں سے دنیا کا ایک نقصان یہ ہے کہ طرح طرح کی خرابیاں گناہوں کی نحوست سے زمین میں پیدا ہوتی ہیں۔ پانی، ہوا، غلّہ، پھل ناقص ہو جاتا ہے۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

نیکی و طاعت کا ایک اثر یہ ہے کہ دعا سے بلا ٹلتی ہے اور نیکی کرنے سے عمر بڑھتی ہے۔

سبق نمبر ۶۳

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمہ نماز

وَاَشۡھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم۔

(۲) ایک سنت

کل عورتوں کی نماز کے طریقے کا یہ فرق بیان ہوا:۱) سجدہ میں عورت پاؤں کھڑے نہ کرے بلکہ داہنی طرف کو نکال دے۔ ۲) خوب سمٹ کر اور دب کر سجدہ کرے کہ پیٹ دونوں رانوں سے اور بانہیں یعنی بازو دونوں پہلوؤں سے ملا دے۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) کہنیوں کو زمین پر رکھ دے۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے بھاؤ طے کر کے بعد میں زبردستی سے کم دینا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہوں سے دنیا کا ایک نقصان یہ ہے کہ گناہ کرنے سے شرم و حیا جاتی رہتی ہے اور جب شرم نہیں رہتی تو آدمی جو کچھ کر گزرے تھوڑا ہے۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

بعض نیکیوں سے تمام کام بن جاتے ہیں۔ جیسے سورۂ یٰسین پڑھنے سے حدیثِ پاک میں ہے کہ جو شخص شروع دن میں یٰسین پڑھ لے اس کی تمام حاجتیں پوری کی جائیں گی۔ (دارمی)

سبق نمبر ٦۴

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

عَبۡدُہٗ اس کے بندے۔

(۲) ایک سنت

کل عورتوں کی نماز کے طریقے کا یہ فرق بیان ہوا:۱) عورت خوب سمٹ کر اور دب کر سجدہ کرے کہ پیٹ دونوں رانوں سے اور بانہیں یعنی بازو دونوں پہلوؤں سے ملا دے۔ ۲) کہنیوں کو زمین پر رکھ دے۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) قعدہ میں بائیں طرف بیٹھے۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے نامحرم کے پاس تنہائی میں بیٹھنا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہ کا ایک نقصان یہ ہے کہ گناہ کرنے سے اللہ تعالیٰ کی عظمت دل سے نکل جاتی ہے اس لیے اللہ تعالیٰ کی نظر میں اس کی عزت نہیں رہتی لہٰذا یہ شخص لوگوں کی نظروں میں ذلیل و خوار ہو جاتا ہے۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

بعض نیکی و طاعت سے فاقہ نہیں ہوتا۔ جیسے سورۂ واقعہ پڑھنے سے حدیثِ پاک میں ہے کہ جو شخص ہر رات سورۂ واقعہ پڑھا کرے اس کو کبھی فاقہ نہ ہو گا۔

سبق نمبر ۶۵

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

وَرَسُوۡلُہٗ اور اس کے رسول ہیں۔
وَاَشۡھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبۡدُہٗ وَرَسُوۡلُہٗ کا ترجمہ ہوا اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس کے بندے اور رسول ہیں۔

(۲) ایک سنت

کل عورتوں کی نماز کے طریقے کا یہ فرق بیان ہوا:۱) سجدہ میں عورت کہنیوں کو زمین پر رکھ دے۔۲) قعدہ میں بائیں طرف بیٹھے۔ اور آج کا سبق سنت نمبر۳) دونوں پاؤں داہنی طرف نکال دے۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے ناچ دیکھنا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہوں سے دنیا کا ایک نقصان یہ ہے کہ گناہ کرنے سے نعمتیں چھن جاتی ہیں اور بلاؤں اور مصیبتوں کا ہجوم ہوتا ہے بعض گناہ گار اگر بڑے عیش میں نظر آتے ہیں تو یہ اللہ کی طرف سے ڈھیل ہے اور ایسا شخص اور بھی زیادہ خطرے میں ہے کیوں کہ جب یہ پکڑ میں آئیں گے تو دنیا یا آخرت میں اکٹھی سزا دی جائے گی۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

ایمان کی برکت سے تھوڑے کھانے میں آسودگی ہو جاتی ہے۔ حدیثِ پاک میں ہے کہ ایک شخص حالتِ کفر میں بہت کھایا کرتا تھا ایمان لانے کے بعد بہت کم کھانے لگا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مومن ایک آنت میں کھاتا ہے اور کافر سات آنت میں۔

سبق نمبر ٦٦

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ
نَحۡمَدُهٗ وَنُصَلِّيۡ عَلٰى رَسُوۡلِهِ الۡكَرِيۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

اَللّٰهُمَّ صَلِّ اے اللہ رحمت نازل فرما۔

(۲) ایک سنت

کل عورتوں کی نماز کے طریقے کا یہ فرق بیان ہوا:۱) عورت قعدہ میں بائیں طرف بیٹھے۔ ۲)دونوں پاؤں داہنی طرف نکال دے۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳)قعدہ میں دونوں ہاتھوں کی انگلیاں خوب ملی رکھے۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے راگ باجا(جس کو آج کل موسیقی کہتے ہیں)سننا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہ کرنے سے عزت و شرافت کے القاب چھین کر ذلت و رسوائی کے خطاب ملتے ہیں مثلاً نیکی کرنے سے جو شخص نیک، فرماں بردار، تہجد گزار کہلاتا ہے اگر خدانخواستہ گناہ کرنے لگا تو اب وہی شخص فاسق و فاجر، زانی، ظالم وغیرہ کہلایا جاتا ہے۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

بعض دعاؤں کی یہ برکت ہے کہ بیماری لگنے اور مصیبت آنے کا خوف نہیں رہتا۔ جیسے کسی مریض یا مبتلائے مصیبت کو دیکھ کر یہ دعا پڑھنے سے:

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ الَّذِيۡ عَافَانِيۡ مِمَّا ابۡتَلَاكَ بِهٖ وَفَضَّلَنِيۡ عَلٰى كَثِيۡرٍ مِّمَّنۡ خَلَقَ تَفۡضِيۡلًا

نوٹ:یہ دعا آہستہ سے پڑھے تاکہ مبتلائے مصیبت کو اذیت نہ ہو۔

سبق نمبر ٦٧

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

عَلٰی مُحَمَّدٍ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کا ترجمہ ہوا: اے اللہ رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر۔

(۲) ایک سنت

کل عورتوں کی نماز کے طریقے کا یہ فرق بیان ہوا: ۱) عورت قعدہ میں دونوں پاؤں داہنی طرف نکال دے۔ ۲) اور دونوں ہاتھوں کی انگلیاں خوب ملی رکھے۔ اور نمبر ۳) آج کا سبق سو کر اٹھنے کی سنتیں شروع ہوتی ہیں، نیند سے اٹھتے ہی دونوں ہاتھوں سے چہرہ اور آنکھیں ملنا تاکہ نیند کا خمار دور ہو جائے۔ (شمائل ترمذی)

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے کافروں کی رسمیں پسند کرنا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہ کرنے سے شیاطین اس پر مسلط ہو جاتے ہیں اور بآسانی اس کے اعضا کو گناہوں میں غرق کر دیتے ہیں۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

بعض دعاؤں کی برکت سے فکریں زائل اور قرض ادا ہو جاتا ہے۔ جیسے حدیث پاک میں یہ دعا تعلیم فرمائی گئی ہے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ أَعُوۡذُ بِکَ مِنَ الۡھَمِّ وَالۡحُزۡنِ وَاَعُوۡذُ بِکَ مِنَ الۡعَجۡزِ وَالۡکَسَلِ وَاَعُوۡذُ بِکَ مِنَ الۡبُخۡلِ وَالۡجُبۡنِ وَاَعُوۡذُ بِکَ مِنۡ غَلَبَۃِ الدَّیۡنِ وَقَھۡرِ الرِّجَالِ

سبق نمبر ۶۸

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی آل پر۔

(۲) ایک سنت

کل عورتوں کی نماز کے طریقے کا یہ فرق بیان ہوا: ۱) عورت قعدہ میں ہاتھوں کی انگلیاں خوب ملی رکھے۔ ۲) اور سو کر اٹھنے کی یہ سنت بیان ہوئی نیند سے اٹھتے ہی دونوں ہاتھوں سے چہرہ اور آنکھیں ملنا تاکہ نیند کا خمار دور ہو جائے۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) صبح آنکھ کھلنے پر یہ دعا پڑھے: اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ الَّذِیۡ اَحۡیَانَا بَعۡدَ مَا اَمَاتَنَا وَاِلَیۡہِ النُّشُوۡرُ[۱]

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے کسی سے مسخراپن کر کے اسے بے عزت اور شرمندہ کرنا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہ کرنے سے دل کا اطمینان جاتا رہتا ہے اور ہر وقت ڈر لگا رہتا ہے کہ کوئی دیکھ نہ لے، کہیں عزت نہ جاتی رہے، کوئی بدلہ نہ لینے لگے وغیرہ وغیرہ۔ اس سے زندگی تلخ ہو جاتی ہے۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

بعض دعا مخلوق کے ہر شر سے محفوظ رکھتی ہے۔ جیسے سورۂ اخلاص سورۂ فلق سورۂ ناس صبح و شام تین تین بار پڑھنے سے مخلوق کے ہر شر سے حفاظت کا حدیث پاک میں وعدہ ہے۔

---

[۱] صحیح البخاری: ۹۳۶/۲، (۶۳۵۷)، باب ما یقول اذا اصبح، المکتبۃ المظہریۃ

سبق نمبر ۶۹

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

کَمَا صَلَّیۡتَ جیسا کہ آپ نے رحمت نازل فرمائی۔

(۲) ایک سنت

کل سوکر اٹھنے کی یہ سنتیں بیان ہوئیں:۱) نیند سے اٹھتے ہی دونوں ہاتھوں سے چہرہ اور آنکھیں ملنا تاکہ نیند کا خمار دور ہو جائے۔ ۲) صبح آنکھ کھلنے پر یہ دعا پڑھے: اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ الَّذِیۡ اَحۡیَانَا بَعۡدَ مَا اَمَاتَنَا وَاِلَیۡہِ النُّشُوۡرُ۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) سوکر اٹھنے کے بعد مسواک کرنا۔ وضو کے وقت دوبارہ مسواک کی جائے گی، وہ علیحدہ سنت ہے۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے بلا عذر نماز قضا کر دینا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہ کرتے کرتے وہی گناہ دل میں بس جاتا ہے یہاں تک کہ مرتے وقت کلمہ تک منہ سے نہیں نکلتا بلکہ جو کام زندگی بھر کرتا تھا وہی سرزد ہوتے ہیں۔ مثلاً ایک پیسہ مانگنے والا کلمہ پڑھنے کے بجائے پیسہ مانگتا ہوا مر گیا۔ نعوذ باللہ

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

بعض نیکی و عبادت سے حاجت روائی میں مدد ملتی ہے۔ جیسے نمازِ حاجت پڑھ کر دعا مانگنے سے اللہ تعالیٰ بندے کی حاجت کو پورا فرما دیتے ہیں۔

سبق نمبر ۷۰

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

عَلٰی اِبۡرَاهِیۡمَ ابراہیم علیہ السلام پر۔

(۲) ایک سنت

کل سو کر اٹھنے کی یہ سنتیں بیان ہوئیں:۱) نیند سے آنکھ کھلنے پر یہ دعا پڑھے: اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ الَّذِیۡ اَحۡیَانَا بَعۡدَ مَا اَمَاتَنَا وَاِلَیۡہِ النُّشُوۡرُ۔ ۲)سو کر اٹھنے کے بعد مسواک کرنا۔ وضو کے وقت دوبارہ مسواک کی جائے گی، وہ علیحدہ سنت ہے۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) برتن میں ہاتھ ڈالنے سے پہلے ہاتھوں کو گٹوں تک اچھی طرح تین مرتبہ دھونا۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے لڑکوں سے بدفعلی کرنا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہ کرنے سے اللہ تعالیٰ کی رحمت سے نااُمیدی ہو جاتی ہے اس وجہ سے توبہ نہیں کرتا اور بے توبہ مرتا ہے۔ کسی شخص کو کلمہ کی تلقین کی گئی تو کہا اس کلمہ سے کیا ہو گا، میں نے تو کبھی نماز ہی نہیں پڑھی اور مر گیا۔ اللہ پناہ میں رکھے۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

نیکی وطاعت کا ایک فائدہ یہ ہے کہ ایمان اور نیک اعمال کی برکت سے اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں کا حامی ومددگار ہوتا ہے۔

سبق نمبر ۷۱

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

وَعَلٰۤی اٰلِ اِبۡرَاھِیۡمَ اور ابراہیم علیہ السلام کی آل پر۔ کَمَا صَلَّیۡتَ سے اٰلِ اِبۡرَاھِیۡمَ تک کا ترجمہ یہ ہوا: جیسا کہ آپ نے رحمت نازل فرمائی ابراہیم علیہ السلام پر اور ان کی آل پر۔

(۲) ایک سنت

کل سو کر اٹھنے کی یہ سنتیں بیان ہوئیں: ۱) سو کر اٹھنے کے بعد مسواک کرنا ۲) برتن میں ہاتھ ڈالنے سے پہلے ہاتھوں کو گٹوں تک اچھی طرح تین مرتبہ دھونا۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) بیت الخلاء میں داخل ہونے سے پہلے یہ دعا پڑھیں:

بِسۡمِ اللّٰہِ، اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡۤ اَعُوۡذُبِكَ مِنَ الۡخُبُثِ وَالۡخَبَائِثِ

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے خدا کی رحمت سے مایوس ہونا۔ اللہ تعالیٰ کی ذات رَحۡمٰنۡ و رَحِیۡمۡ ہے، کیسا ہی بڑا گناہ ہو توبہ کرنے سے اللہ تعالیٰ معاف فرمادیتے ہیں۔ لہٰذا جلد توبہ کرنی چاہیے۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہ کرنے سے دل پر ایک سیاہ دھبّہ لگ جاتا ہے جو توبہ سے مٹ جاتا ہے ورنہ بڑھتا ہی رہتا ہے جس سے قبولِ حق کی صلاحیت ختم ہو جاتی ہے۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے ہیں فرشتوں کو حکم ہوتا ہے کہ ان کے دلوں کو قوی رکھو اور ان کو ثابت قدم رکھو۔

سبق نمبر ۲۷

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

اِنَّکَ کے معنٰی بے شک آپ۔

(۲) ایک سنت

کل یہ سنتیں بیان ہوئیں:۱) نیند سے اٹھ کر برتن میں ہاتھ ڈالنے سے پہلے ہاتھوں کو گٹوں تک اچھی طرح تین مرتبہ دھونا۔ ۲)بیت الخلاء میں داخل ہونے سے پہلے یہ دعا پڑھیں: بِسۡمِ اللّٰہِ، اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَعُوۡذُبِکَ مِنَ الۡخُبُثِ وَالۡخَبَائِثِ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) بیت الخلاء میں داخل ہوتے وقت پہلے بایاں قدم رکھنا۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے حقارت سے کسی پر ہنسنا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہ کرنے سے دنیا کی رغبت اور آخرت سے وحشت پیدا ہو جاتی ہے جس سے دنیائے فانی کے کاموں میں انہماک اور آخرت کے کاموں سے بے زاری ہو جاتی ہے۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

کامل ایمان والوں کو اللہ تعالیٰ سچی عزت عطا فرماتے ہیں۔

سبق نمبر ۳۷

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

حَمِیۡدٌ تعریف کے لائق۔

(۲) ایک سنت

کل بیت الخلاء کی یہ سنتیں بیان ہوئیں: ۱) بیت الخلاء میں داخل ہونے سے پہلے یہ دعا پڑھیں:

بِسۡمِ اللّٰہِ، اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَعُوۡذُبِکَ مِنَ الۡخُبُثِ وَالۡخَبَآئِثِ

۲) بیت الخلاء میں داخل ہوتے وقت پہلے بایاں قدم رکھنا۔ اور آج کا سبق نمبر ۳) سر ڈھانک کر اور جوتا پہن کر بیت الخلاء جانا۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے کسی کو طعنہ مارنا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہ کرنے سے اللہ تعالیٰ کا غضب نازل ہوتا ہے۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

ایمان وفرماں برداری کی برکت سے اللہ تعالیٰ ان کے مراتب بلند فرماتے ہیں۔

سبق نمبر ۴۷

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

مَجِیۡدٌ بزرگی والا۔

اِنَّکَ حَمِیۡدٌ مَّجِیۡدٌ کے معنٰی بے شک آپ تعریف کے لائق بڑی بزرگی والے ہیں۔

(۲) ایک سنت

کل بیت الخلاء کی یہ سنتیں بیان ہوئیں:۱) بیت الخلاء میں داخل ہوتے وقت پہلے بایاں قدم رکھنا۔ ۲) سر ڈھانک کر اور جوتا پہن کر بیت الخلاء جانا۔ اور آج کا سبق نمبر ۳) پیشاب پاخانہ کے لیے بآسانی جتنا نیچا ہو کر بدن کھولیں اتنا ہی بہتر ہے۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے کسی کو برے لقب سے پکارنا جیسے او اندھے، او لنگڑے، او موٹے وغیرہ۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہ کرنے سے دل کی مضبوطی اور دین کی پختگی جاتی رہتی ہے۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

ایمان و نیکی کی برکت سے اللہ تعالیٰ مخلوق کے دلوں میں اس کی محبت ڈال دیتے ہیں اور زمین پر اس کو مقبولیت عطا کی جاتی ہے۔

سبق نمبر ۷۵

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ
نَحۡمَدُهٗ وَنُصَلِّيۡ عَلٰى رَسُوۡلِهِ الۡكَرِيۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

اَللّٰهُمَّ بَارِكۡ اے اللہ برکت نازل فرما۔

(۲) ایک سنت

کل بیت الخلاء کی یہ سنتیں بیان ہوئیں:

۱) سر ڈھانک کر اور جوتا پہن کر بیت الخلاء جانا۔ ۲) پیشاب پاخانہ کے لیے بآسانی جتنا نیچا ہو کر بدن کھولیں اتنا ہی بہتر ہے۔ اور آج کا سبق نمبر ۳) پیشاب پاخانہ کے وقت قبلہ کی طرف نہ چہرہ کریں نہ اس طرف کو پیٹھ کریں۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے بدگمانی کرنا یعنی بغیر دلیلِ شرعی کسی کو بُرا سمجھنا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہ کرنے سے بسا اوقات نیکیوں کے فائدے ضایع ہو جاتے ہیں۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

کامل ایمان والوں یعنی نیک مومن بندوں کے حق میں قرآنِ پاک ہدایت و شفا ہے۔

سبق نمبر ۷٦

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

عَلٰی مُحَمَّدٍ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر۔

(۲) ایک سنت

کل بیت الخلاء کی یہ سنتیں بیان ہوئیں:
۱) پیشاب پاخانہ کے لیے بآسانی جتنا نیچا ہو کر بدن کھولیں اتنا ہی بہتر ہے۔ ۲) پیشاب پاخانہ کے وقت قبلہ کی طرف نہ چہرہ کریں نہ اس طرف کو پیٹھ کریں۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) پیشاب پاخانہ کرتے وقت بلا ضرورتِ شدیدہ کلام نہ کریں ۔ اسی طرح اللہ کا ذکر بھی نہ کریں۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے کسی کا عیب تلاش کرنا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

بے شرمی اور بے حیائی کے کاموں سے طاعون اور ایسی نئی نئی بیماریاں پیدا ہوتی ہیں جو پہلے لوگوں میں نہیں تھیں۔ جیسے کینسر، ایڈز وغیرہ۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

شکر سے نعمت میں اضافہ ہوتا ہے۔

سبق نمبر ۷۷

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی آل پر۔

(۲) ایک سنت

کل بیت الخلاء کی یہ سنتیں بیان ہوئیں:۱) پیشاب پاخانہ کے وقت قبلہ کی طرف نہ چہرہ کریں نہ اس طرف کو پیٹھ کریں۔ ۲) پیشاب پاخانہ کرتے وقت بلاضرورتِ شدیدہ کلام نہ کریں۔ اسی طرح اللہ کا ذکر بھی نہ کریں۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) پیشاب یا استنجاء کرتے وقت عضو خاص کو داہنا ہاتھ نہ لگائیں بلکہ بایاں ہاتھ لگائیں۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے کسی کی غیبت کرنا یعنی پیٹھ پیچھے کسی کا ایسا عیب اور بُرائی بیان کرنا جو واقعتاً اس میں ہو۔

(۴) گناہ کے نقصانات

زکوٰۃ نہ دینے سے بارش بند ہو جاتی ہے۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

آخرت میں صراط مستقیم کی صورتِ مثالی مثل پل صراط کے ہے۔ پس جس شخص نے دنیا میں صراط مستقیم پر استقامت کی یعنی شریعت پر خوب قائم رہا وہ پل صراط سے صحیح سالم پلک جھپکتے گزر جائے گا۔ پس اگر چاہتے ہو کہ پل صراط سے پلک جھپکتے گزر جاؤ تو شریعت کے خوب پابند رہو۔

سبق نمبر ۷۸

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

كَمَا بَارَكْتَ جیسی کے برکت نازل فرمائی آپ نے۔

(۲) ایک سنت

کل بیت الخلاء کی یہ سنتیں بیان ہوئیں:۱) پیشاب پاخانہ کرتے وقت بلاضرورتِ شدیدہ کلام نہ کریں۔اسی طرح اللہ کا ذکر بھی نہ کریں۔۲) پیشاب یا استنجاء کرتے وقت عضو خاص کو داہنا ہاتھ نہ لگائیں بلکہ بایاں ہاتھ لگائیں۔اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) پیشاب پاخانہ کی چھینٹوں سے بہت بچیں کیوں کہ اکثر عذابِ قبر پیشاب کی چھینٹوں سے نہ بچنے سے ہوتا ہے۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے بلاوجہ کسی کو بُرا بھلا کہنا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

ناحق فیصلہ کرنے اور عہد شکنی کرنے سے دشمن کو مسلط کردیا جاتا ہے۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

بعض نیکیوں پر مثلاً صبر پر جنت کا وعدہ ہے۔حدیثِ قدسی میں ارشاد ہے کہ جب میں کسی مومن بندے کے پیارے کی جان لے لیتا ہوں اور وہ ثواب سمجھ کر صبر کرتا ہے تو اس کے لیے میرے پاس جنت کے سوا کوئی بدلہ نہیں۔(بخاری)

سبق نمبر ۷۹

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

عَلٰۤی اِبۡرَاھِیۡمَ ابراہیم علیہ السلام پر۔

(۲) ایک سنت

کل بیت الخلاء کی یہ سنتیں بیان ہوئیں:۱) پیشاب یا استنجاء کرتے وقت عضو خاص کو داہنا ہاتھ نہ لگائیں بلکہ بایاں ہاتھ لگائیں۔۲) پیشاب پاخانہ کی چھینٹوں سے بہت بچیں کیوں کہ اکثر عذابِ قبر پیشاب کی چھینٹوں سے نہ بچنے سے ہوتا ہے۔اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) بیٹھ کر پیشاب کریں، کھڑے ہو کر نہ کریں۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے چغلی کرنا یعنی ادھر کی بات اُدھر لگا کر مسلمانوں کو آپس میں لڑانا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

ناپ تول میں کمی کرنے سے قحط و تنگی اور حُکام کے ظلم میں مبتلا کیا جاتا ہے۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

جنت کے درخت سُبۡحَانَ اللّٰہِ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ وَلَاۤ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکۡبَرۡ ہیں یعنی ان کی صورتِ مثالی درخت کی سی ہے لہٰذا جو شخص چاہے کہ جنت کے خوب درخت حصے میں آئیں وہ سُبۡحَانَ اللّٰہِ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ وَلَاۤ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکۡبَرۡ خوب پڑھا کرے۔

سبق نمبر ۸۰

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ
نَحۡمَدُهٗ وَنُصَلِّيۡ عَلٰی رَسُوۡلِهِ الۡكَرِيۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

وَعَلٰٓی اٰلِ اِبۡرَاهِيۡمَ اور ابراہیم علیہ السلام کی آل پر۔

(۲) ایک سنت

کل بیت الخلاء کی یہ سنتیں بیان ہوئیں:۱) پیشاب پاخانہ کی چھینٹوں سے بہت بچیں کیوں کہ اکثر عذابِ قبر پیشاب کی چھینٹوں سے نہ بچنے سے ہوتا ہے۔۲) بیٹھ کر پیشاب کریں، کھڑے ہو کر نہ کریں۔اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) بیت الخلاء سے نکلتے وقت پہلے داہنا پیر نکالیں اور باہر آکر یہ دعا پڑھیں:غُفۡرَانَكَ، اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ الَّذِيۡ اَذۡهَبَ عَنِّي الۡاَذٰی وَعَافَانِيۡ[۵]

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے تہمت لگانا یعنی جو عیب کسی میں نہ ہو وہ اس کی طرف منسوب کرنا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

خیانت کرنے سے دشمن کا رعب ڈال دیا جاتا ہے۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

آخرت میں سورۂ اخلاص کی صورتِ مثالی محل کی طرح ہے۔حدیث پاک میں ہے کہ جو شخص سورۂ اخلاص دس مرتبہ پڑھے اس کے لیے جنت میں ایک محل تیار ہوتا ہے اور جو بیس مرتبہ پڑھے اس کے لیے دو محل تیار ہوتے ہیں۔ اِلٰٓی اٰخِرِ الۡحَدِيۡثُ (دارمی)
پس جو شخص چاہے کہ جنت میں بہت سے محل ملیں وہ کثرت سے سورۂ اخلاص پڑھا کرے۔

۵ سنن ابن ماجة:۲۳،باب ما يقول اذا خرج من الخلاء،المكتبة الرحمانية

سبق نمبر ۸۱

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

اِنَّکَ کے معنٰی بے شک آپ۔

(۲) ایک سنت

کل بیت الخلاء کی یہ سنتیں بیان ہوئیں:۱) بیٹھ کر پیشاب کریں، کھڑے ہو کر نہ کریں۔ ۲)بیت الخلاء سے نکلتے وقت پہلے داہنا پیر نکالیں اور باہر آکر یہ دعا پڑھیں: غُفۡرَانَکَ اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ الَّذِیۡ اَذۡھَبَ عَنِّی الۡاَذٰی وَعَافَانِیۡ۔اور آج کا سبق سنت نمبر ۳)بعض جگہ بیت الخلاء نہیں ہوتا اس وقت ایسی آڑ کی جگہ میں پیشاب پاخانہ سے فارغ ہونا چاہیے جہاں کسی دوسرے آدمی کی نگاہ نہ پڑے۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے دھوکا دینا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

دنیا کی محبت اور موت سے نفرت کرنے سے بزدلی پیدا ہوتی ہے اور دشمن کے دل سے رعب دور کر دیا جاتا ہے۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

آخرت میں عمل جاری (صدقۂ جاریہ) کی صورتِ مثالی چشمہ کی سی ہے۔پس جو شخص چاہے کہ جنت کا چشمہ ملے وہ خوب صدقۂ جاریہ وخیرات کیا کرے۔

سبق نمبر ۸۲

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

حَمِیۡدٌ کے معنیٰ تعریف کے لائق۔

(۲) ایک سنت

کل بیت الخلاء کی یہ سنتیں بیان ہوئیں: ۱) بیت الخلاء سے نکلتے وقت پہلے داہنا پیر نکالیں اور باہر آکر یہ دعا پڑھیں: غُفۡرَانَکَ اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ الَّذِیۡ اَذۡھَبَ عَنِّی الۡاَذٰی وَعَافَانِیۡ ۔ ۲) بعض جگہ بیت الخلاء نہیں ہوتا اس وقت ایسی آڑ کی جگہ میں پیشاب پاخانہ سے فارغ ہونا چاہیے جہاں کسی دوسرے آدمی کی نگاہ نہ پڑے۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) پیشاب کرنے کے لیے نرم جگہ تلاش کریں تاکہ چھینٹے نہ اڑیں اور زمین جذب کرتی جائے۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے عار دلانا یعنی کسی کو اس کے کسی گناہ یا خطا پر شرمندہ کرنا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

حدیثِ پاک میں ہے کہ جب اللہ تعالیٰ بندوں سے گناہوں کا انتقام لینا چاہتے ہیں تو بچے بکثرت مرتے ہیں اور عورتیں بانجھ ہو جاتی ہیں۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

دین کی صورتِ مثالی آخرت میں لباس کی سی ہے۔ پس جو شخص چاہے کہ اسے جنت میں خوب عمدہ لباس ملے وہ دین و تقویٰ کو مضبوط پکڑے۔

سبق نمبر ۸۳

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

مَجِیۡدٌ کے معنٰی بزرگی والا۔

اِنَّکَ حَمِیۡدٌ مَّجِیۡدٌ کا ترجمہ ہوا: بے شک آپ تعریف کے لائق بزرگی والے ہیں۔

(۲) ایک سنت

کل یہ سنتیں بیان ہوئیں: ۱) بعض جگہ بیت الخلاء نہیں ہوتا اس وقت ایسی آڑ کی جگہ میں پیشاب پاخانہ سے فارغ ہونا چاہیے جہاں کسی دوسرے آدمی کی نگاہ نہ پڑے۔ ۲) پیشاب کرنے کے لیے نرم جگہ تلاش کریں تاکہ چھینٹے نہ اڑیں اور زمین جذب کرتی جائے۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) پیشاب کرنے کے بعد استنجاء سکھانا ہو تو دیوار وغیرہ کی آڑ میں سکھانا چاہیے۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے کسی کے نقصان پر خوش ہونا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہ کرنے سے اللہ تعالیٰ حاکموں کے دلوں میں رعایا کے لیے غضب و غصہ پیدا فرما دیتے ہیں پھر وہ ان کو سخت عذاب و سزا کی تکلیف دیتے ہیں۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

سورۂ بقرہ اور سورۂ آل عمران کی صورتِ مثالی قیامت کے دن مثل بادل سائبان یا قطار باندھے ہوئے پرندوں کی ٹکڑیوں کے ہوگی۔ پس جو شخص چاہے کہ قیامت کے دن سایہ میں ہو وہ ان سورتوں کی تلاوت کیا کرے۔

سبق نمبر ۸۴

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ کے معنٰی ہیں: اے اللہ میں نے۔

(۲) ایک سنت

کل یہ سنتیں بیان ہوئیں: ۱) میدان میں پیشاب کرنے کے لیے نرم جگہ تلاش کریں تاکہ چھینٹے نہ اُڑیں اور زمین جذب کرتی جائے۔ ۲) پیشاب کرنے کے بعد استنجاء سکھانا ہو تو دیوار وغیرہ کی آڑ میں سکھانا چاہیے۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) انگوٹھی یا کسی چیز پر قرآن شریف کی آیت یا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا نام مبارک لکھا ہو اور وہ دکھائی دیتا ہو تو باہر اسے اتار کر بیت الخلاء جائیں لیکن موم جامہ کیا ہوا یا کپڑے میں سلا ہوا تعویذ پہن کر جانا جائز ہے۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے تکبر کرنا یعنی اپنے کو بڑا سمجھنا اور دوسروں کو حقیر سمجھنا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہ کرنے سے تعریف کرنے والا خود اس کی بُرائی کرنے لگتا ہے کیوں کہ گناہ گار کی عظمت ومحبت دل سے نکل جاتی ہے۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

علم کی صورتِ مثالی آخرت میں مثل دودھ کے ہے۔ پس جو شخص چاہے کہ جنت میں دودھ کا چشمہ ملے وہ علمِ دین حاصل کرے۔

سبق نمبر ۸۵

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

ظَلَمۡتُ کے معنٰی ہیں: میں نے ظلم کیا۔

(۲) ایک سنت

کل یہ سنتیں بیان ہوئیں: ۱) پیشاب کرنے کے بعد استنجاء سکھانا ہو تو دیوار وغیرہ کی آڑ میں سکھانا چاہیے۔ ۲) انگوٹھی یا کسی چیز پر قرآن شریف کی آیت یا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا نام مبارک لکھا ہو اور وہ دکھائی دیتا ہو تو باہر اسے اتار کر بیت الخلاء جائیں لیکن موم جامہ کیا ہوا یا کپڑے میں سلا ہوا تعویذ پہن کر جانا جائز ہے۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) وضو کی سنتیں شروع ہوتی ہیں۔ وضو کی نیت کرنا، مثلاً یہ کہ میں نماز کے مباح ہونے کے لیے وضو کرتا ہوں۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے فخر کرنا یعنی اپنی بڑائی جتانا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

بخاری کی حدیث ہے کہ جو شخص کسی کی زمین سے بغیر حق کے ذرا سی بھی لے لے یعنی ناجائز قبضہ کرلے قیامت کے دن اس کو ساتوں زمین میں دھنسایا جائے گا۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

آخرت میں نماز کی صورتِ مثالی مثلِ نور کے ہے۔ پس جو شخص چاہے کہ قیامت کے دن اس کے پاس پل صراط پر نور رہے تو نماز کا خوب اہتمام کرے۔

سبق نمبر ۸۶

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ

(۱) ترجمۂ نماز

نَفْسِیْ کے معنٰی: اپنے نفس پر۔

(۲) ایک سنت

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھ کر وضو کرنا۔ ایک روایت میں ہے کہ بِسْمِ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ پڑھ کر وضو کرنے سے جب تک وضو رہے گا فرشتہ مسلسل ثواب لکھتا رہے گا چاہے بندہ مباح کاموں میں مشغول ہو۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے باوجود قدرت کے ضرورت مند کی مدد نہ کرنا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہ کا سب سے بڑا نقصان یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ناراض ہوتے ہیں۔ گناہ پر اگر اور کوئی سزا نہ بھی ہوتی تو ایسے کریم اور محسن پروردگار کی صرف ناراضگی کے خیال سے گناہ سے بچنا ضروری تھا۔ دنیا میں بھی کوئی شریف بندہ اپنے محسن کو ناراض کرنا پسند نہیں کرتا پھر اس محسنِ حقیقی کو ناراض کرنے کی کیسے جرأت ہوتی ہے جبکہ گناہوں پر دنیا و آخرت کے عذابوں کی بھی وعید ہے۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

نیکیوں کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ راضی ہوتے ہیں۔ حدیثِ قدسی میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ جب میری اطاعت کی جاتی ہے تو میں راضی ہوتا ہوں اور جب راضی ہوتا ہوں تو برکت عطا کرتا ہوں اور میری برکت کی کوئی انتہا نہیں۔ (حیات المسلمین)

سبق نمبر ۸۷

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

ظُلۡمًا کَثِیۡرًا کے معنٰی ہیں: بہت ظلم۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ ظَلَمۡتُ نَفۡسِیۡ ظُلۡمًا کَثِیۡرًا کا ترجمہ ہوا: اے اللہ میں نے اپنے نفس پر بہت ظلم کیا ہے۔

(۲) ایک سنت

کل یہ سنتیں بیان ہوئیں: ۱) وضو کی نیت کرنا، مثلاً یہ کہ میں نماز کے مباح ہونے کے لیے وضو کرتا ہوں۔ ۲) بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ پڑھ کر وضو کرنا۔ ایک روایت میں ہے کہ بِسۡمِ اللّٰہِ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ پڑھ کر وضو کرنے سے جب تک وضو رہے گا فرشتہ مسلسل ثواب لکھتا رہے گا چاہے بندہ مباح کاموں میں مشغول ہو۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) دونوں ہاتھوں کو گٹوں تک تین بار دھونا۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے کسی کے مال کا نقصان کرنا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہ کا ایک نقصان یہ ہے کہ بندہ علمِ دین سے محروم کر دیا جاتا ہے۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

نیکی اور طاعت کا ایک فائدہ یہ ہے کہ رزق میں برکت عطا ہوتی ہے یعنی رزق میں کبھی ظاہری زیادتی بھی ہوتی ہے اور برکت تو ہمیشہ ہوتی ہے کہ تھوڑے رزق میں نفع کثیر ہوتا ہے اور چین سے گزر اوقات ہوتی ہے۔

سبق نمبر ۸۸

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

وَلَا یَغۡفِرُ کے معنٰی ہیں: اور نہیں بخش سکتا کوئی۔

(۲) ایک سنت

کل وضو کی یہ سنتیں بیان ہوئیں: ۱) بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ پڑھ کر وضو کرنا۔ ایک روایت میں ہے کہ بِسۡمِ اللّٰہِ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ پڑھ کر وضو کرنے سے جب تک وضو رہے گا فرشتہ مسلسل ثواب لکھتا رہے گا چاہے بندہ مباح کاموں میں مشغول ہو۔ ۲) دونوں ہاتھوں کو گٹوں تک تین بار دھونا۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) مسواک کرنا۔ اگر مسواک نہ ہو تو انگلی سے دانتوں کو مَلنا۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے کسی کی آبرو کو صدمہ پہنچانا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہوں سے دنیا کا ایک نقصان یہ ہے کہ رزق کم ہو جاتا ہے۔ یعنی رزق کی برکت جاتی رہتی ہے اگرچہ بظاہر زیادہ نظر آئے لیکن اس کا نفع قلیل ہو جاتا ہے۔ مثلاً بیماری، پریشانی، فضول خرچی واسراف وغیرہ پر خرچ ہو گیا۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

طاعت اور نیکی سے دنیا کا ایک فائدہ یہ ہے کہ طرح طرح کی برکتیں آسمان وزمین سے نازل ہوتی ہیں۔

سبق نمبر ٨٩

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(١) ترجمۂ نماز

اَلذُّنُوۡبَ کے معنیٰ ہیں: گناہوں کو۔

(٢) ایک سنت

کلی وضو کی یہ سنتیں بیان ہوئیں:

١) دونوں ہاتھوں کو گٹوں تک تین بار دھونا۔ ٢) مسواک کرنا۔ اگر مسواک نہ ہو تو انگلی سے دانتوں کو ملنا۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ٣) تین بار کلی کرنا۔

(٣) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے چھوٹوں پر رحم نہ کرنا۔

(٤) گناہ کے نقصانات

گناہ کا ایک نقصان یہ ہے کہ گناہ گار کو اللہ تعالیٰ سے ایک وحشت سی رہتی ہے۔

(٥) طاعت اور عبادت کے فوائد

طاعت سے دنیا کا ایک فائدہ یہ ہے کہ ہر قسم کی تکلیف و پریشانی دور ہوتی ہے اور ہر قسم کی تنگی و دشواری سے نجات ملتی ہے۔

سبق نمبر ۹۰

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

اِلَّا کے معنٰی ہیں: سوا۔

(۲) ایک سنت

کل وضو کی یہ سنتیں بیان ہوئیں:

۱) مسواک کرنا۔ اگر مسواک نہ ہو تو انگلی سے دانتوں کو مَلنا۔ ۲) تین بار کلی کرنا۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) تین بار ناک میں پانی چڑھانا۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے بڑوں کی عزت نہ کرنا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہ کا ایک نقصان یہ ہے کہ گناہ کرنے سے آدمیوں سے خصوصاً نیک لوگوں سے وحشت ہونے لگتی ہے اور اس طرح ان سے دور ہو کر ان کے برکات سے محروم ہو جاتا ہے۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

نیکی وطاعت کا ایک دنیوی فائدہ یہ ہے کہ ہر کام میں آسانی ہوتی ہے۔

سبق نمبر ۹۱

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ
نَحۡمَدُهٗ وَنُصَلِّيۡ عَلٰى رَسُوۡلِهِ الۡكَرِيۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

اَنْتَ یعنی تیرے سوا۔

وَلَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ کے معنیٰ ہیں: اور تیرے سوا کوئی گناہوں کا بخشنے والا نہیں ہے۔

(۲) ایک سنت

کل وضو کی یہ سنتیں بیان ہوئیں:

۱) تین بار کلی کرنا۔ ۲) تین بار ناک میں پانی چڑھانا۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) تین بار ناک چھنکنا۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے حیثیت کے موافق بھوکوں اور محتاجوں کی مدد نہ کرنا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہ کرنے سے اکثر کاموں میں دشواری پیش آتی ہے۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

طاعت سے دنیا کا ایک فائدہ یہ ہے کہ زندگی مزے دار ہو جاتی ہے، اور ایسی پُر لطف زندگی بادشاہوں کو بھی میسر نہیں جیسی کہ اللہ کے نیک بندوں کو نصیب ہوتی ہے۔

سبق نمبر ۹۲

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

فَاغۡفِرۡلِیۡ کے معنٰی ہیں: پس مجھے بخش دے۔

(۲) ایک سنت

کل وضو کی یہ سنتیں بیان ہوئیں:

۱) تین بار ناک میں پانی چڑھانا۔ ۲) تین بار ہی ناک چھنکنا۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) ہر عضو کو تین تین بار دھونا۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے کسی دنیوی رنج سے اپنے مسلمان بھائی سے تین دن سے زیادہ بولنا چھوڑ دینا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہ کا ایک نقصان یہ ہے کہ دل میں تاریکی و ظلمت پیدا ہوتی ہے جس کی نحوست سے آدمی بدعت و گمراہی وجہالت میں مبتلا ہو کر ہلاک ہو جاتا ہے۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

نیکی وطاعت کا ایک فائدہ دنیا میں یہ ملتا ہے کہ بارش ہوتی ہے، مال بڑھتا ہے، اولاد ہوتی ہے، باغات پھلتے پھولتے ہیں، نہروں کا پانی زیادہ ہوتا ہے۔

سبق نمبر ۹۳

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

مَغۡفِرَۃً کے معنیٰ ہیں: (خاص) بخشش۔

(۲) ایک سنت

کل وضو کی یہ سنتیں بیان ہوئیں:

۱) تین بار ناک چھنکنا۔ ۲) ہر عضو کو تین تین بار دھونا۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) چہرہ دھوتے وقت داڑھی کا خلال کرنا۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے کسی جاندار کی تصویر بنانا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہوں سے دنیا کا ایک نقصان یہ ہے کہ گناہ کرنے سے دل اور جسم میں کمزوری پیدا ہوتی ہے، دل کی کمزوری یہ ہے کہ نیک کاموں کی ہمت گھٹتے گھٹتے بالکل ختم ہو جاتی ہے اور دل کی کمزوری کا اثر جسم پر پڑتا ہے جس سے جسم بھی کمزور ہو جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ بظاہر قوی اور تندرست کفار بھی صحابہ کے مقابلے میں نہ ٹھہر سکتے تھے۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

نیکی و طاعت سے دنیا کا ایک فائدہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے نیک بندوں سے تمام شر اور آفتوں کو دور کر دیتا ہے۔

سبق نمبر ۹۴

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

مِنۡ عِنۡدِكَ کے معنٰی ہیں: اپنے پاس سے۔
فَاغۡفِرۡلِیۡ مَغۡفِرَۃً مِّنۡ عِنۡدِكَ کے معنٰی ہوئے: پس اپنی خاص بخشش سے مجھ کو بخش دے۔

(۲) ایک سنت

کل وضو کی یہ سنتیں بیان ہوئیں: ۱) ہر عضو کو تین تین بار دھونا۔ ۲) چہرہ دھوتے وقت داڑھی کا خلال کرنا۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) ہاتھوں اور پیروں کو دھوتے وقت انگلیوں کا خلال کرنا۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے کسی کی زمین پر موروثی کا دعویٰ کرنا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہ کا ایک نقصان یہ ہے کہ گناہ کرنے سے آدمی نیکیوں کی توفیق سے محروم ہو جاتا ہے حتیٰ کہ گناہوں کی نحوست سے رفتہ رفتہ تمام نیک کام چھوٹ جاتے ہیں۔ پس گناہوں سے جلد توبہ کرنی چاہیے۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

نیکی و طاعت سے دنیا کا ایک فائدہ یہ ہے کہ مالی نقصان کی تلافی ہو جاتی ہے اور اس کا نعم البدل مل جاتا ہے یعنی اس نقصان کے بدلہ میں کوئی اس سے بھی اچھی چیز مل جاتی ہے۔

سبق نمبر ۹۵

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ

(۱) ترجمۂ نماز

وَارْحَمْنِیْ کے معنٰی ہیں: اور مجھ پر رحم فرما۔

(۲) ایک سنت

کل وضو کی یہ سنتیں بیان ہوئیں: ۱) چہرہ دھوتے وقت داڑھی کا خلال کرنا۔ ۲) ہاتھوں اور پیروں کو دھوتے وقت انگلیوں کا خلال کرنا۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) ایک بار تمام سر کا مسح کرنا۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے ہٹا کٹا تندرست ہونے کے باوجود بھیک مانگنا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہوں سے دنیا کا ایک نقصان یہ ہے کہ گناہ کرنے سے عمر گھٹتی ہے اور زندگی کی برکت نکل جاتی ہے۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

نیکی وطاعت سے دنیا کا ایک فائدہ یہ ہے کہ نیک کام میں مال خرچ کرنے سے مال بڑھتا ہے۔

سبق نمبر ۹۶

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

اِنَّكَ اَنْتَ کے معنٰی ہیں: بے شک تو۔

(۲) ایک سنت

کل وضو کی یہ سنتیں بیان ہوئیں: ۱) ہاتھوں اور پیروں کو دھوتے وقت انگلیوں کا خلال کرنا۔ ۲) ایک بار تمام سر کا مسح کرنا۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) سر کے مسح کے ساتھ کانوں کا مسح کرنا۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے داڑھی منڈوانا یا ایک مشت سے کم پر کتروانا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہ کا ایک نقصان یہ ہے کہ ایک گناہ دوسرے گناہ کا سبب ہو جاتا ہے یہاں تک کہ آدمی گناہوں کا عادی ہو جاتا ہے اور چھوڑنا دشوار ہو جاتا ہے حتیٰ کہ گناہ میں لذت بھی نہیں رہتی لیکن عادت سے مجبور ہو کر کرتا ہے۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

عبادت وطاعت سے دل کو ایسا سکون واطمینان عطا ہوتا ہے جس کی لذت کے سامنے سارے جہاں کی سلطنت کا عیش ہیچ ہے۔

سبق نمبر ۹۷

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

اَلْغَفُوْرُ کے معنیٰ ہیں: بخشنے والا۔

(۲) ایک سنت

کل وضو کی یہ سنتیں بیان ہوئیں: ۱) ایک بار تمام سر کا مسح کرنا۔ ۲) سر کے مسح کے ساتھ کانوں کا مسح کرنا۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) اعضائے وضو کو مل مل کر دھونا۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے کافروں اور فاسقوں کا لباس پہننا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہ کا ایک نقصان یہ ہے کہ گناہ کرنے سے توبہ کا ارادہ کمزور ہوتا جاتا ہے یہاں تک کہ بالکل توبہ کی توفیق نہیں ہوتی اور اسی نافرمانی کی حالت میں موت آجاتی ہے۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

نیکی وطاعت سے دنیا کا ایک فائدہ یہ ہے کہ اس شخص کی اولاد تک کو نفع پہنچتا ہے اور اولاد بھی بلاؤں سے محفوظ رہتی ہے۔

سبق نمبر ۹۸

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

اَلرَّحِیۡمُ کے معنٰی ہیں: مہربان۔

اِنَّکَ اَنۡتَ الۡغَفُوۡرُ الرَّحِیۡمُ کے معنٰی ہوئے: بے شک تو بخشنے والا مہربان ہے۔

(۲) ایک سنت

کل وضو کی یہ سنتیں بیان ہوئیں: ۱) سر کے مسح کے ساتھ کانوں کا مسح کرنا۔ ۲) اعضائے وضو کو مل مل کر دھونا۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) پے درپے وضو کرنا۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے مردوں کو عورتوں کا لباس پہننا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہ کا ایک نقصان یہ ہے کہ کچھ دن میں اس گناہ کی بُرائی دل سے نکل جاتی ہے اور یہ شخص کھلم کھلا گناہ کرنے لگتا ہے اور اللہ تعالیٰ کی مغفرت و معافی سے دور ہو جاتا ہے اور گناہ کی بُرائی دل سے کم ہوتے ہوتے بعض اوقات کفر تک نوبت پہنچ جاتی ہے۔ (العیاذ باللہ)

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

عبادت و طاعت سے زندگی میں غیبی بشارتیں نصیب ہوتی ہیں مثلاً اچھا خواب دیکھ لیا کہ جیسے جنت میں چلا گیا ہے جس سے دل خوش ہو گیا اور اللہ تعالیٰ سے محبت اور بڑھ گئی اور اس سے مزید نیک اعمال کی توفیق ہو جاتی ہے۔

سبق نمبر ۹۹

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

اَلسَّلَامُ عَلَیۡکُمۡ کے معنٰی ہیں: سلام ہو تم پر۔

(۲) ایک سنت

کل وضو کی یہ سنتیں بیان ہوئیں: ۱) اعضائے وضو کو مل مل کر دھونا۔ ۲) پے در پے وضو کرنا۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) ترتیب وار وضو کرنا۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے عورتوں کو مردوں کا لباس پہننا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہ کا ایک نقصان یہ ہے کہ ہر گناہ دشمنانِ خدا میں سے کسی کی میراث ہے تو گویا یہ شخص ان ملعون قوموں کا وارث بنتا ہے اور حدیثِ پاک میں ہے کہ جو شخص کسی قوم کی وضع بنائے وہ ان ہی میں شمار ہو گا۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

نیک اعمال کرنے سے فرشتے مرتے وقت جنّت کی اور وہاں کی نعمتوں کی اور اللہ تعالیٰ کی رضا کی خوشخبری سناتے ہیں۔

سبق نمبر ۱۰۰

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

وَرَحۡمَۃُ اللّٰہِ کے معنٰی ہیں: اور رحمت اللہ کی۔

(۲) ایک سنت

کل وضو کی یہ سنتیں بیان ہوئیں: ۱) پے در پے وضو کرنا۔ ۲) ترتیب وار وضو کرنا۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) داہنی طرف سے پہلے دھونا۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے زنا یعنی بدکاری کرنا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہ کا ایک نقصان یہ ہے کہ ایسا شخص اللہ تعالیٰ کے نزدیک بے قدر و ذلیل ہو جاتا ہے، اور مخلوق میں بھی عزت نہیں رہتی۔ لوگ اس کے شر یا کسی لالچ سے اس کی تعظیم تو کریں گے لیکن کسی کے دل میں اس کی عظمت نہیں رہتی۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

بعض طاعات میں یہ اثر ہے کہ اگر کسی معاملے میں تردّد ہو تو وہ جاتا رہتا ہے اور کسی طرف رائے قائم ہو جاتی ہے جس میں سراسر خیر اور نفع ہوتا ہے، نقصان کا احتمال ہی نہیں رہتا، جیسے نمازِ استخارہ پڑھ کر دعا کرنے سے۔

سبق نمبر ۱۰۱

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

اب قرآن شریف کی چند سورتوں کے ایک ایک لفظ کا ترجمہ لکھا جاتا ہے تاکہ ان سورتوں کا مطلب سمجھتے ہوئے پڑھنے سے نماز میں دل لگے۔ سب سے پہلے سورۂ کافرون کا ترجمہ شروع کیا جاتا ہے۔ قُلۡ کے معنٰی ہیں: آپ کہہ دیجیے۔ یعنی اے نبی آپ کہہ دیجیے۔

(۲) ایک سنت

کل وضو کی یہ سنتیں بیان ہوئیں: ۱) ترتیب وار وضو کرنا۔ ۲) پہلے داہنی طرف سے دھونا۔ اور آج کا سبق وضو کی سنت نمبر ۳) وضو کے بعد کلمۂ شہادت اَشۡھَدُ اَنۡ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَشۡھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبۡدُہٗ وَرَسُوۡلُہٗ پڑھنا۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے چوری کرنا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہوں سے دنیا کا ایک نقصان یہ ہے کہ گناہ کی نحوست نہ صرف گناہ گار کو پہنچتی ہے بلکہ اس کا ضرر دوسری مخلوقات کو بھی پہنچتا ہے جس کی وجہ سے جانور تک اس پر لعنت کرتے ہیں۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

بعض طاعات میں یہ اثر ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کے تمام کاموں کی ذمہ داری لے لیتے ہیں۔
حدیثِ قدسی میں ارشاد ہے کہ اے ابنِ آدم میرے لیے شروع دن میں چار رکعت پڑھ لیا کر میں ختم دن تک تیرے سارے کام بنادیا کروں گا۔ (ترمذی)

سبق نمبر ۱۰۲

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

یٰۤاَیُّھَا الۡکٰفِرُوۡنَ اے کافرو!

قُلۡ یٰۤاَیُّھَا الۡکٰفِرُوۡنَ کا ترجمہ ہوا: آپ کہہ دیجیے کہ اے کافرو!

(۲) ایک سنت

کل وضو کی یہ سنتیں بیان ہوئیں: ۱) پہلے داہنی طرف سے دھونا۔ ۲) وضو کے بعد کلمۂ شہادت اَشۡھَدُ اَنۡ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَشۡھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبۡدُہٗ وَرَسُوۡلُہٗ پڑھنا۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) پھر یہ دعا پڑھنا: اَللّٰھُمَّ اجۡعَلۡنِیۡ مِنَ التَّوَّابِیۡنَ وَاجۡعَلۡنِیۡ مِنَ الۡمُتَطَھِّرِیۡنَ۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے ڈکیتی ڈالنا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہوں سے دنیا کا ایک نقصان یہ ہے کہ عقل میں فتور اور کمی آجاتی ہے، بلکہ گناہ کرنا خود کم عقلی کی دلیل ہے، کیوں کہ اگر اس کی عقل ٹھکانے ہوتی تو ایسے صاحبِ قدرت اور دونوں جہاں کے مالک کی نافرمانی نہ کرتا اور دنیا و آخرت کے منافع کو ضایع نہ کرتا۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

بعض طاعات میں یہ اثر ہے کہ مال میں برکت ہوتی ہے۔ جیسا کہ حدیثِ پاک میں بیچنے والے اور خریدنے والے کے سچ بولنے پر اور اپنے مال کا عیب بتادینے پر برکت کا وعدہ ہے۔ (جزاء الاعمال)

سبق نمبر ۱۰۳

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

لَآ اَعۡبُدُ نہ میں پرستش کرتا ہوں۔

(۲) ایک سنت

کل وضو کی یہ سنتیں بیان ہوئیں:۱) وضو کے بعد کلمۂ شہادت اَشۡھَدُ اَنۡ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَشۡھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبۡدُہٗ وَرَسُوۡلُہٗ پڑھنا۔ ۲) پھر یہ دعا پڑھنا: اَللّٰھُمَّ اجۡعَلۡنِیۡ مِنَ التَّوَّابِیۡنَ وَاجۡعَلۡنِیۡ مِنَ الۡمُتَطَھِّرِیۡنَ۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) جس وقت وضو کرنا دل کو ناگوار ہو اس وقت بھی خوب اچھی طرح وضو کرنا۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے جھوٹی گواہی دینا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہوں کا ایک بڑا نقصان یہ ہے کہ یہ شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی لعنت میں داخل ہو جاتا ہے کیوں کہ آپ نے بہت سے گناہوں پر لعنت فرمائی ہے، مثلاً قومِ لوط کا عمل کرنے والے پر، تصویر بنانے والے پر، چور پر، صحابہ کو بُرا کہنے والے پر وغیرہ وغیرہ ۔ اگر گناہ پر کوئی اور سزا نہ بھی ہوتی تو کیا یہ تھوڑا نقصان ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی لعنت میں یہ شخص آ گیا۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

نیکی وطاعات سے دنیا کا ایک فائدہ یہ بھی ہے کہ حکومت وسلطنت باقی رہتی ہے۔

سبق نمبر ۱۰۴

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ

(۱) ترجمۂ نماز

مَا تَعْبُدُوْنَ تمہارے معبودوں کی۔

لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ کا ترجمہ ہوا: نہ میں تمہارے معبودوں کی پرستش کرتا ہوں۔

(۲) ایک سنت

کل وضو کی یہ سنتیں بیان ہوئیں: ۱) وضو کے بعد کلمۂ شہادت پڑھ کر یہ دعا پڑھنا: اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ التَّوَّابِیْنَ وَاجْعَلْنِیْ مِنَ الْمُتَطَھِّرِیْنَ ۲) جس وقت وضو کرنا دل کو ناگوار ہو اس وقت بھی خوب اچھی طرح وضو کرنا۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) مسجد میں داخل ہوتے وقت بِسْمِ اللّٰہِ پڑھنا۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے یتیم کا مال کھانا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہ کرنے سے آدمی فرشتوں کی دعا سے محروم ہو جاتا ہے۔ فرشتے ان مومنین کے لیے دعائے مغفرت کرتے ہیں جو اللہ کے بتائے ہوئے راستے پر چلتے ہیں۔ پس جس نے گناہ کرکے وہ راہ چھوڑ دی وہ اس دولت کا کہاں مستحق رہا۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

بعض مالی عبادات سے اللہ تعالیٰ کا غصہ بجھتا ہے اور بُری حالت پر موت نہیں آتی۔ حدیثِ پاک میں ہے کہ صدقہ پروردگار کے غضب کو بجھاتا ہے اور بُری موت سے بچاتا ہے۔

سبق نمبر ۱۰۵

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

وَلَآ اور نہ۔

(۲) ایک سنت

کل یہ سنتیں بیان ہوئیں:۱) جس وقت وضو کرنا دل کو ناگوار ہو اس وقت بھی خوب اچھی طرح وضو کرنا۔ ۲)مسجد میں داخل ہوتے وقت بِسۡمِ اللّٰہِ پڑھنا۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) درود شریف پڑھنا۔ مثلاً اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوۡلِ اللّٰہِ۔ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَسَلَّمَ۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے ماں باپ کی نافرمانی کرنا اور ان کو تکلیف دینا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہوں سے دنیا کا ایک نقصان یہ ہے کہ طرح طرح کی خرابیاں گناہوں کی نحوست سے زمین میں پیدا ہوتی ہیں۔ پانی، ہوا، غلّہ، پھل ناقص ہو جاتا ہے۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

نیکی و طاعت کا ایک اثر یہ ہے کہ دعا سے بلا ٹلتی ہے اور نیکی کرنے سے عمر بڑھتی ہے۔

سبق نمبر ۱۰۶

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

اَنْتُمْ کے معنی ہیں: تم۔

(۲) ایک سنت

کل مسجد میں داخل ہونے کی یہ سنتیں بیان ہوئیں:۱) مسجد میں داخل ہوتے وقت بِسۡمِ اللّٰہِ پڑھنا۔ ۲) درود شریف پڑھنا۔ مثلاً اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوۡلِ اللّٰہِ۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) دعا پڑھنا: اَللّٰھُمَّ افۡتَحۡ لِیۡ اَبۡوَابَ رَحۡمَتِکَ۔[۱] یعنی تینوں کو اس طرح پڑھیں:
بِسۡمِ اللّٰہِ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوۡلِ اللّٰہِ۔ اَللّٰھُمَّ افۡتَحۡ لِیۡ اَبۡوَابَ رَحۡمَتِکَ

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے بے خطا جان کو قتل کرنا، یعنی ناحق خون کرنا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہ کا ایک نقصان یہ ہے کہ گناہ کرنے سے شرم وحیا جاتی رہتی ہے، اور جب شرم نہیں رہتی تو آدمی جو کچھ کر گزرے تھوڑا ہے۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

بعض عبادت ونیکی سے تمام کام بن جاتے ہیں۔ حدیثِ پاک میں ہے کہ جو شخص شروع دن میں سورۂ یٰسین پڑھ لے اس کی تمام ضروریات پوری کی جائیں گی۔ (دارمی)

---

[۱] سنن ابن ماجة:۵۶(۷۷۳)، باب الدعاء عند دخول المسجد، المکتبة الرحمانیة

سبق نمبر ۱۰۷

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

عٰبِدُوۡنَ پرستش کرتے ہو۔

وَلَاۤ اَنۡتُمۡ عٰبِدُوۡنَ کا ترجمہ: اور نہ تم پرستش کرتے ہو۔

(۲) ایک سنت

کل مسجد میں داخل ہونے کی یہ سنتیں بیان ہوئیں: ۱) درود شریف پڑھنا۔ مثلاً اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوۡلِ اللّٰہِ۔ ۲) دعا پڑھنا: اَللّٰھُمَّ افۡتَحۡ لِیۡ اَبۡوَابَ رَحۡمَتِکَ۔ یعنی تینوں کو اس طرح پڑھیں: بِسۡمِ اللّٰہِ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوۡلِ اللّٰہِ۔ اَللّٰھُمَّ افۡتَحۡ لِیۡ اَبۡوَابَ رَحۡمَتِکَ۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) پہلے داہنا پیر مسجد میں داخل کرنا۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے جھوٹی قسم کھانا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہ کا ایک نقصان یہ ہے کہ گناہ کرنے سے اللہ تعالیٰ کی عظمت دل سے نکل جاتی ہے۔ پس اللہ تعالیٰ کی نظر میں اس کی عزت نہیں رہتی۔ پھر یہ شخص لوگوں کی نظروں میں ذلیل وخوار ہو جاتا ہے۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

بعض عبادت ونیکی سے فاقہ نہیں ہوتا۔ حدیثِ پاک میں ہے کہ جو شخص ہر رات سورۂ واقعہ پڑھا کرے اس کو کبھی فاقہ نہیں ہوگا۔

سبق نمبر ۱۰۸

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

مَآ اَعۡبُدُ میرے معبود کی۔

وَلَآ اَنۡتُمۡ عٰبِدُوۡنَ مَآ اَعۡبُدُ کا ترجمہ ہوا: اور نہ تم میرے معبود کی پرستش کرتے ہو۔

(۲) ایک سنت

کل مسجد میں داخل ہونے کی یہ سنتیں بیان ہوئیں: ۱) دعا پڑھنا: اَللّٰھُمَّ افۡتَحۡ لِیۡ اَبۡوَابَ رَحۡمَتِكَ۔ یعنی تینوں کو اس طرح پڑھیں: بِسۡمِ اللّٰہِ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوۡلِ اللّٰہِ۔ اَللّٰھُمَّ افۡتَحۡ لِیۡ اَبۡوَابَ رَحۡمَتِكَ۔ ۲) پہلے داہنا پیر مسجد میں داخل کرنا۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) اعتکاف کی نیت کرنا۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے رشوت لینا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہوں سے دنیا کا ایک نقصان یہ ہے کہ گناہ کرنے سے نعمتیں چھن جاتی ہیں اور بلاؤں اور مصیبتوں کا ہجوم ہوتا ہے، بعض گناہ گار اگر بڑے عیش میں نظر آتے ہیں تو یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ڈھیل ہے اور ایسا شخص اور بھی زیادہ خطرے میں ہے کیوں کہ جب یہ پکڑ میں آئیں گے تو اکٹھی سزا دی جائے گی۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

ایمان وطاعت کی برکت سے تھوڑے کھانے میں سیری ہو جاتی ہے۔

سبق نمبر ۱۰۹

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

وَلَآ اَنَا اور نہ میں۔

(۲) ایک سنت

کل مسجد میں داخل ہونے کی یہ سنتیں بیان ہوئیں: ۱) پہلے داہنا پیر مسجد میں داخل کرنا۔ ۲) اعتکاف کی نیت کرنا۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) مسجد سے نکلنے کی سنتیں شروع ہوتی ہیں۔

سب سے پہلے بِسۡمِ اللّٰہِ پڑھنا۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے رشوت دینا۔ (البتہ جہاں بغیر رشوت دیے ظالم کے ظلم سے نہ بچ سکے وہاں رشوت دینے والے کو گناہ نہ ہو گا، لیکن رشوت لینا ہر حال میں حرام ہے۔)

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہ کرنے سے عزت و شرافت کے القاب چھن کر ذلت و رسوائی کے خطاب ملتے ہیں۔ مثلاً نیکی کرنے سے جو شخص نیک فرماں بردار، پرہیز گار کہلاتا ہے اگر خدانخواستہ گناہ کرنے لگا تو اب وہی شخص فاسق و فاجر، ظالم و خبیث وغیرہ کہلایا جاتا ہے۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

بعض دعاؤں کی برکت سے بیماری لگنے اور مصیبت آنے کا خوف نہیں رہتا۔ جیسے کسی مریض یا مبتلائے مصیبت کو دیکھ کر یہ دعا پڑھنے سے: اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ الَّذِیۡ عَافَانِیۡ مِمَّا ابۡتَلَاکَ بِہٖ وَفَضَّلَنِیۡ عَلٰی کَثِیۡرٍ مِّمَّنۡ خَلَقَ تَفۡضِیۡلًا۔ (ترمذی)

سبق نمبر ۱۱۰

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

عَابِدٌ کے معنٰی ہیں: پرستش کروں گا۔

وَلَآ اَنَا عَابِدٌ کا ترجمہ ہوا: اور نہ میں پرستش کروں گا۔

(۲) ایک سنت

کل مسجد میں داخل ہونے اور نکلنے کی یہ سنتیں بیان ہوئیں: ۱) مسجد میں داخل ہو کر اعتکاف کی نیت کرنا۔ ۲) مسجد سے نکلتے وقت بِسۡمِ اللّٰہِ پڑھنا۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) درود شریف پڑھنا وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوۡلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَسَلَّمَ

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے شراب پینا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہ کرنے سے شیاطین گناہ گار پر مسلط ہو جاتے ہیں اور بآسانی اس کے اعضا کو گناہوں میں غرق کر دیتے ہیں۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

بعض دعاؤں کی برکت سے فکریں زائل اور قرض ادا ہو جاتا ہے، مثلاً اس دعا سے جو حدیثِ پاک میں تعلیم فرمائی گئی ہے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَعُوۡذُ بِکَ مِنَ الۡھَمِّ وَالۡحُزۡنِ وَاَعُوۡذُ بِکَ مِنَ الۡعَجۡزِ وَالۡکَسَلِ وَاَعُوۡذُ بِکَ مِنَ الۡبُخۡلِ وَالۡجُبۡنِ وَاَعُوۡذُ بِکَ مِنۡ غَلَبَۃِ الدَّیۡنِ وَقَھۡرِ الرِّجَالِ[ے]

ے سنن ابی داؤد: ۱/۲۱۶، باب الاستعاذۃ، ایچ ایم سعید

سبق نمبر ۱۱۱

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

مَّا عَبَدۡتُّمۡ یعنی تمہارے معبودوں کی۔

وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدۡتُّمۡ کا ترجمہ ہوا: اور نہ میں تمہارے معبودوں کی پرستش کروں گا۔

(۲) ایک سنّت

کل مسجد سے نکلنے کی یہ سنتیں بیان ہوئیں: ۱) بِسۡمِ اللّٰہِ پڑھنا۔ ۲) درود شریف پڑھنا وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوۡلِ اللّٰہِ۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) دعا پڑھنا اس طرح:
بِسۡمِ اللّٰہِ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوۡلِ اللّٰہِ۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُکَ مِنۡ فَضۡلِکَ۔ [۸]

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے شراب پلانا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہ کرنے سے دل کا اطمینان جاتا رہتا ہے اور ہر وقت ڈر لگا رہتا ہے کہ کوئی دیکھ نہ لے کہیں عزت نہ جاتی رہے، کوئی بدلہ نہ لینے لگے وغیرہ۔ جس سے زندگی تلخ ہو جاتی ہے۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

بعض دعا مخلوق کے ہر شر سے محفوظ رکھتی ہے جیسے سورۂ اخلاص، سورۂ فلق، سورۂ ناس صبح و شام تین تین بار پڑھنے سے مخلوق کے ہر شر سے حفاظت کا حدیثِ پاک میں وعدہ ہے۔

۸؎ سنن ابن ماجۃ: ۱۵۹(۷۷۱) باب الدعاء عند دخول المسجد، المکتبۃ الرحمانیۃ

سبق نمبر ۱۱۲

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

وَلَاۤ اَنۡتُمۡ عٰبِدُوۡنَ کا ترجمہ ہے: اور نہ تم پرستش کروگے۔

(۲) ایک سنت

کل مسجد سے نکلنے کی یہ سنتیں بیان ہوئیں: ۱) درود شریف پڑھنا وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوۡلِ اللّٰہِ۔ ۲) دعا پڑھنا اس طرح: بِسۡمِ اللّٰہِ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوۡلِ اللّٰہِ۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُکَ مِنۡ فَضۡلِکَ۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) مسجد سے پہلے بایاں پیر نکالنا۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے شراب نچوڑنا، یعنی کشید کرنا یا بنانا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہ کرتے کرتے وہی گناہ دل میں بس جاتا ہے یہاں تک کہ مرتے وقت کلمہ تک منہ سے نہیں نکلتا بلکہ جو کام زندگی بھر کیا کرتا تھا وہی سرزد ہوتے ہیں، مثلاً ایک شخص کو کلمہ پڑھانے لگے تو کہا کہ یہ میرے منہ سے نہیں نکلتا اور مر گیا۔ نعوذ باللہ

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

بعض عبادات سے حاجت روائی میں مدد ملتی ہے۔ جیسے نمازِ حاجت پڑھ کر دعا مانگنے سے اللہ تعالیٰ بندے کی حاجت کو پورا فرما دیتے ہیں۔

سبق نمبر ۱۱۳

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

مَآ اَعۡبُدُ کا ترجمہ ہے: میرے معبود کی۔
وَلَآ اَنۡتُمۡ عٰبِدُوۡنَ مَآ اَعۡبُدُ کا ترجمہ ہوا: اور نہ تم میرے معبود کی پرستش کروگے۔

(۲) ایک سنت

کل مسجد سے نکلنے کی یہ سنتیں بیان ہوئیں: ۱) دعا اس طرح پڑھنا: بِسۡمِ اللّٰہِ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوۡلِ اللّٰہِ۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُكَ مِنۡ فَضۡلِكَ۔ ۲) مسجد سے پہلے بایاں پیر نکالنا۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) پہلے داہنے پیر میں جوتا یا چپل پہننا۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے شراب نچڑوانا، یعنی کشید کرانا یا بنوانا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہ کرنے سے اللہ تعالیٰ کی رحمت سے نااُمیدی ہوجاتی ہے اس وجہ سے توبہ نہیں کرتا اور بے توبہ مرتا ہے۔ ایک شخص کو مرتے وقت کلمہ پڑھنے کو کہا گیا تو کہا کہ اس کلمہ سے کیا ہوگا، میں نے تو کبھی نماز ہی نہیں پڑھی اور مرگیا۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

نیکی و فرماں برداری کا ایک فائدہ یہ ہے کہ ایمان و دینداری کی برکت سے اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں کا حامی و مددگار ہوتا ہے۔

سبق نمبر ۱۱۴

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

لَکُمۡ دِیۡنُکُمۡ کا ترجمہ ہے: تم کو تمہارا بدلہ ملے گا۔

(۲) ایک سنت

کل مسجد سے نکلنے کی یہ سنتیں بیان ہوئیں:

۱) پہلے بایاں پیر مسجد سے نکالنا۔ ۲) پہلے داہنے پیر میں جوتا یا چپل پہننا۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) سونے کی سنتیں۔ باوضو سونا۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے شراب بیچنا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہ کرنے سے دل پر ایک سیاہ دھبّہ لگ جاتا ہے جو توبہ سے مٹ جاتا ہے ورنہ بڑھتا ہی رہتا ہے جس سے قبولِ حق کی صلاحیت ختم ہو جاتی ہے۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے ہیں فرشتوں کو حکم ہوتا ہے کہ ان کے دلوں کو قوی رکھو اور ان کو ثابت قدم رکھو۔

سبق نمبر ۱۱۵

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

وَلِیَ دِیۡنِ کا ترجمہ ہے: اور مجھ کو میرا بدلہ ملے گا۔

(۲) ایک سنت

کل یہ سنتیں بیان ہوئیں:

۱) مسجد سے نکلتے وقت پہلے داہنے پیر میں جوتا یا چپل پہننا۔ ۲) سوتے وقت باوضو سونا۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) جب اپنے بستر پر آئے تو اسے اپنے کپڑے کے گوشہ سے تین بار جھاڑے۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے شراب خریدنا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہ کرنے سے دنیا کی رغبت اور آخرت سے وحشت پیدا ہو جاتی ہے جس سے دنیائے فانی کے کاموں میں انہماک اور آخرت کے کاموں سے بیزاری ہو جاتی ہے۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

کامل ایمان والوں کو اللہ تعالیٰ سچی عزت عطا فرماتے ہیں۔

سبق نمبر ۱۱٦

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ الۡفَلَقِ کا ترجمہ ہے: آپ کہیے کہ میں صبح کے مالک کی پناہ لیتا ہوں۔

(۲) ایک سنت

کل سونے کی یہ سنتیں بیان ہوئیں:

۱) باوضو سونا۔ ۲) جب اپنے بستر پر آئے تو اسے اپنے کپڑے کے گوشہ سے تین بار جھاڑے۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) سونے سے پہلے اپنے دوسرے کپڑے تبدیل کرنا سنت ہے۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے شراب کے دام کھانا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہ کرنے سے اللہ تعالیٰ کا غضب نازل ہوتا ہے۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

ایمان وطاعت کی برکت سے اللہ تعالیٰ ان کے مراتب بلند فرماتے ہیں۔

سبق نمبر ۱۱۷

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

مِنۡ شَرِّ مَا خَلَقَ کا ترجمہ ہے: تمام مخلوقات کی شر سے۔

(۲) ایک سنت

کل سونے کی یہ سنتیں بیان ہوئیں: ۱) جب اپنے بستر پر آئے تو اسے اپنے کپڑے کے گوشہ سے تین بار جھاڑے۔ ۲) سونے سے پہلے اپنے دوسرے کپڑے تبدیل کرنا سنت ہے۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) سوتے وقت ہر آنکھ میں تین تین سلائی سرمہ لگانا مرد وعورت دونوں کے لیے مسنون ہے۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے شراب لاد کر لانا، یعنی کسی کے لیے شراب لانا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہ کرنے سے دل کی مضبوطی اور دین کی پختگی جاتی رہتی ہے۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

ایمان وطاعت یعنی اللہ تعالیٰ کی فرماں برداری کرنے سے مخلوق کے دلوں میں ایسے لوگوں کی محبت ڈال دی جاتی ہے اور زمین پر ان کو مقبولیت عطا کی جاتی ہے۔

سبق نمبر ۱۱۸

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

وَمِنۡ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ کا ترجمہ ہے: اور اندھیری رات کے شر سے جب وہ آجاوے۔

(۲) ایک سنت

کل سونے کی یہ سنتیں بیان ہوئیں:

۱) سونے سے پہلے اپنے دوسرے کپڑے تبدیل کرنا سنت ہے۔ ۲) سوتے وقت ہر آنکھ میں تین تین سلائی سرمہ لگانا مرد وعورت دونوں کے لیے مسنون ہے۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) سوتے وقت داہنی کروٹ پر قبلہ رُو سونا مسنون ہے۔ پٹ لیٹنا کہ سینہ زمین کی طرف اور پیٹھ آسمان کی طرف ہو منع ہے، کیوں کہ اس طرح شیطان سوتا ہے۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے شراب منگانا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

گناہ کرنے سے بسا اوقات نیکیوں کے فائدے ضائع ہو جاتے ہیں۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

کامل الایمان نیک لوگوں کے حق میں قرآنِ پاک ہدایت وشفا ہے۔

سبق نمبر ۱۱۹

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

وَمِنۡ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الۡعُقَدِ کا ترجمہ ہے: اور گرہوں پر پڑھ پڑھ کر پھونکنے والیوں کے شر سے۔

(۲) ایک سنت

کل سونے کی یہ سنتیں بیان ہوئیں: ۱) سوتے وقت ہر آنکھ میں تین تین سلائی سرمہ لگانا مرد وعورت دونوں کے لیے مسنون ہے۔ ۲) سوتے وقت داہنی کروٹ پر قبلہ رُو سونا مسنون ہے۔ پیٹ لیٹنا کہ سینہ زمین کی طرف اور پیٹھ آسمان کی طرف ہو منع ہے، کیوں کہ اس طرح شیطان سوتا ہے۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) بستر پر لیٹ کر یہ دعا پڑھے:

اَللّٰھُمَّ بِاسۡمِكَ اَمُوۡتُ وَاَحۡیٰی

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے جہاد شرعی سے بھاگ جانا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

بے حیائی کے کاموں سے طاعون اور ایسی نئی نئی بیماریاں پھیلتی ہیں جو پہلے لوگوں میں نہیں تھیں، جیسے کینسر اور ایڈز وغیرہ۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

شکر کرنے سے نعمت میں اضافہ ہوتا ہے۔

سبق نمبر ۱۲۰

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

(۱) ترجمۂ نماز

وَ مِنۡ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ کا ترجمہ ہے: اور حسد کرنے والے کے شر سے جب وہ حسد کرنے لگے۔

(۲) ایک سنت

کل سونے کی یہ سنتیں بیان ہوئیں: ۱) سوتے وقت داہنی کروٹ پر قبلہ رُو سونا مسنون ہے۔ پٹ لیٹنا کہ سینہ زمین کی طرف اور پیٹھ آسمان کی طرف ہو منع ہے، کیوں کہ اس طرح شیطان سوتا ہے۔ ۲) بستر پر لیٹ کر یہ دعا پڑھے: اَللّٰھُمَّ بِاسۡمِكَ اَمُوۡتُ وَاَحۡیٰی۔ اور آج کا سبق سنت نمبر ۳) اگر کوئی ڈراؤنا خواب نظر آئے اور آنکھ کھل جائے تو اَعُوۡذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیۡطٰنِ الرَّجِیۡمِ تین بار پڑھ کر بائیں طرف تھتکار دو اور کروٹ بدل کر سو جاؤ۔

(۳) ایک کبیرہ گناہ

بڑے بڑے گناہ جن پر سخت عذاب کی وعیدیں آئی ہیں ان میں سے ایک بڑا گناہ ہے رشوت کے معاملے میں پڑنا، مثلاً رشوت لینے دینے کا معاملہ طے کرا دینا۔

(۴) گناہ کے نقصانات

زکوٰۃ نہ دینے سے بارش بند ہو جاتی ہے۔

(۵) طاعت اور عبادت کے فوائد

آخرت میں صراط مستقیم کی صورتِ مثالی مثل پل صراط کے ہے۔ پس جس شخص نے دنیا میں صراط مستقیم پر استقامت کی یعنی شریعت پر خوب قائم رہا وہ پل صراط سے پلک جھپکتے صحیح سالم گزر جائے گا۔

نوٹ: الحمد للہ ایک منٹ کے مدرسہ کے ۱۲۰ اسباق تین چلّوں یعنی چار ماہ کے لیے ہو گئے، مساجد کے ائمہ حضرات اب یہ کریں کہ سبق نمبر ا سے دوبارہ سنانا شروع فرما دیں۔ البتہ روزانہ ایک سنت کسی کتاب سے مثلاً ''گلزارِ سنت'' مؤلفہ حضرت مولانا اصغر میاں صاحب دیوبندی رحمۃ اللہ علیہ سے یا احقر کی کتاب ''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنتیں'' سے سنا دیا کریں۔ اِن ۱۲۰ اَسباق میں الحمد للہ تعالیٰ نماز کی سنتیں، سو کر اٹھنے کی، بیت الخلاء کی، وضو کی، مسجد میں داخل ہونے اور نکلنے کی اور سونے کی اکثر سنتیں بیان ہو گئیں۔ لہٰذا جو سنتیں ان اسباق میں بیان نہیں ہوئیں مثلاً کھانے کی سنتیں، پینے کی سنتیں، لباس کی سنتیں، اذان واقامت کی سنتیں، سفر، نکاح، بیماری وعیادت اور موت کی سنتیں وغیرہ وغیرہ۔ مذکورہ کتب سے ایک ایک سنت روزانہ سنا دیں، یعنی ایک سنت تین دن اور تین سنت ایک دن۔ اس طرح سال بھر میں اُمت کو ۳۶۰ سنن یاد ہو سکتی ہیں اور پوری زندگی سنت کے مطابق ڈھل سکتی ہے۔

بس ہر سبق میں ایک نئی سنت مذکورہ کتب سے سنا دیں۔ باقی نمبرات مثلاً ایک کبیرہ گناہ، گناہ کے نقصانات، عبادت وطاعت کے فوائد ہر سبق سے جوں کے توں سنا دیں۔ اس طرح پورے سال ایک منٹ کا مدرسہ جاری رکھیں۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ سارے عالم میں ایک منٹ کا مدرسہ جاری فرماویں۔

مدرسے اک منٹ کے اور یہ انوار سنت کے
جہاں میں عام ہو جائیں یہ سب گلزار سنت کے

اور اُمتِ مسلمہ کے لیے اس کا نفع عام وتام فرماویں اور اس کو شرفِ قبول عطا فرماویں۔

اٰمِیْنَ یَا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ، رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّکَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ،
وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ
یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ

راقم الحروف: احقر محمد اختر عفا اللہ عنہ۔ ۲۴ جمادی الاولیٰ ۱۴۱۰ھ مطابق ۲۴ دسمبر ۱۹۸۹ء بروز یکشنبہ
بوقت سوا بارہ بجے شب

آج کل لوگ دینی مجالس میں جانے، دینی کتابیں پڑھنے اور طویل وعظ سننے سے گھبراتے ہیں جس کی وجہ سے ان کا دینی علم کم ہوتا جا رہا ہے۔ نماز پڑھتے ہوئے برسوں ہو جاتے ہیں مگر نمازوں کی تسبیحات اور دعاؤں اور اذکار کا ترجمہ معلوم نہیں ہوتا جس سے نماز میں دل نہیں لگتا نیز نمازیں سنت کے مطابق بھی نہیں ہوتیں۔ حتیٰ کہ بعض اہل علم کو بھی عملی مشق نہ ہونے سے سنتوں کا استحضار نہیں ہوتا۔

شیخ العرب والعجم عارف باللہ مجدد زمانہ حضرت اقدس مولانا شاہ حکیم محمد اختر صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے حکیم الامت حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کے آخری خلیفہ محی السنۃ حضرت مولانا شاہ ابرار الحق صاحب ہردوئی رحمۃ اللہ علیہ کے علوم سے استفادہ کرتے ہوئے ''ایک سنت کا مدرسہ'' نامی یہ کتاب ترتیب دی۔

اس کتاب میں روزانہ کے سبق کے لحاظ سے ہر دن کے لیے ۱) نماز کی سورتوں، دعاؤں اور تسبیحات کے ایک ایک لفظ کا ترجمہ سکھایا گیا ہے۔ ۲) ایک سنت بتائی گئی ہے۔ ۳) کبیرہ گناہوں میں سے ایک گناہ اور اس کے دنیا و آخرت کے نقصانات بتائے گئے ہیں۔ ۴) ایک نیکی اور اس کے دنیا و آخرت کے فوائد بتائے گئے ہیں۔ مساجد کے ائمہ حضرات اگر کسی بھی نماز کے بعد ایک منٹ کے لیے اس کتاب کا درس دیں تو ایک سال میں تین مرتبہ ان سنتوں کا مذاکرہ ہو سکتا ہے۔

AT002

ناشر